☆ اس کے بعد کونسل کے نئے ممبران کو اپنے حکموں کے قلمدان سونپے جائیں گے، میئر کی افتتاحی تقریر ہوگی اور اس کا اختتام نئی کونسل کی جانب سے ضمنی قانونی کی منظوری کے ساتھ ہوگا۔

فورڈ حکومت نے تنخواہ میں شفافیت کا قانون خاموشی سے معطل کر دیا

پروگریسو کنزرویٹو حکومت کا کہنا ہے کہ یہ معطلی اس قانون کے حوالے سے مشاورت کے لیے کی گئی ہے

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) فورڈ حکومت نے تنخواہ میں شفافیت کا قانون خاموشی سے معطل کر دیا۔پروگریسو کنزرویٹو حکومت کا کہنا ہے کہ یہ معطلی اس قانون کے حوالے سے مشاورت کے لیے کی گئی ہے۔صوبائی حکومت کے اس اقدام پر ناقدین کا کہنا ہے کہ حکومت خواتین کی حق تلفی کی قیمت پر بچت کرنا چاہ رہی ہے۔گزشتہ ہفتے پیش کی جانے والی پیش رفت کے بارے میں پروگریسو کنزرویٹو حکومت کا کہنا ہے کہ یہ قانون جس کا اطلاق یکم جنوری کو ہونا تھا اب اس تاریخ پر عمل میں آئے گا جس کا تعین لیفٹیننٹ گورنر کریں گے۔جب بدھ کو ہونے والی پیش رفت کے بارے میں پوچھا گیا تو وزیر محنت کے ترجمان نے کہا کہ حکومت تنخواہ کے حوالے سے صنفی مساوات کی قائل ہے اور اس قانون پر مزید مشاورت کے لیے اس کے نفاذ کو معطل کیا ہے۔کرسٹائن بجولڈ نے ایک ای میل میں کہا ہے کہ سابق لبرل حکومت نے پے ٹرانسپیرنسی ایکٹ کی تفصیلات پر مشاورت کا وعدہ کیا تھا تاہم انہوں نے اس مشاورت کو کبھی ممکن نہیں بنایا۔واضح رہے کہ یہ قانون رواں سال موسم بہار میں ہونے والے انتخابات سے پہلے منظور کیا گیا تھا۔

یارماؤتھ میں سانتا کلاز پریڈ کے دوران چار سال بچی ہلاک

بچی پریڈ کے دوران سانتا کلاز کے فلوٹ کے نیچے آ کر کچلی گئی تھی، کرسمس کی تیاریاں متاثر

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) نواسکاٹیا کے علاقے یارماؤتھ میں سانتا کلاز کی پریڈ کے دوران ایک چار سالہ بچی ہلاک ہوگئی۔ بچی کی ہلاکت سے قصبے کی فضا سوگوار ہوگئی ہے اور کرسمس کی تیاریوں میں تعطل آ گیا ہے۔بتایا گیا ہے کہ اندوہ ناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب پریڈ کے دوران سانتا کلاز کے فلوٹ کے ساتھ پیدل چلتی ہوئی ایک ننھی بچی فلوٹ کے نیچے آ گئی اور کچلی گئی۔بچی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا تھا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکی۔پولیس ترجمان نے واقعے کو بہت بہت افسوس ناک قرار دیا ہے اور اس کے بعد علاقے کا ہر شخص صدمے کی کیفیت میں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ جس جس نے بھی یہ دل دہلا دینے والا منظر دیکھا ہے وہ دوسروں کے ساتھ اس کا ذکر ضرور کرے اور اس صدمے سے نکلنے کی کوشش کرے۔

سابق لبرل رکن پارلیمنٹ راج گریوال نے جوئے کے مسئلے پر استعفیٰ دیدیا

وزیراعظم کے دفتر کی طرف سے جمعے کے روز اچانک لبرل رکن کے استعفے کا اعلان کر دیا گیا

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) لبرل پارٹی کے سابق رکن پارلیمنٹ راج گریوال نے جوئے کے مسئلے پر استعفیٰ دے دیا۔وزیراعظم کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ سابق لبرل رکن پارلیمنٹ راج گریوال کا اچانک استعفا جوئے کے مسئلے کی وجہ سے ہے۔جمعے کو جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ ٹورانٹو کے علاقے بریمپٹن کی نمائندگی کرنے والے گریوال اس وقت زیر علاج ہیں۔یہ سوال بھی سامنے آئے کہ آیا پولیس ان کے خلاف تحقیقات کر رہی ہے۔وزیراعظم کے دفتر کے ترجمان کی طرف سے بھیجی گئی ای میل میں کہا گیا ہے کہ رواں ہفتے مسٹر گریوال نے ہمیں بتایا تھا کہ انہیں سخت ذاتی چیلنجوں کا سامنا ہے اور وہ صحت کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص سے علاج کرا رہے ہیں۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ان کا یہ مرض جوئے کی وجہ سے لاحق ہوا کیونکہ اس کی وجہ سے وہ بہت سا قرضہ لینے پر مجبور ہو گئے تھے۔ترجمان کا کہنا ہے کہ ان کے اس مسئلے کی وجہ سے سب نے ان کے استعفے کے فیصلے سے اتفاق کیا۔

لبرل حکومت کارپوریٹ ٹیکس میں کٹوتی نہیں کرے گی

ٹیکس کم کرنے کی بجائے امریکہ کے ساتھ تجارت بڑھانے کے لیے 16 ارب ڈالر کا منصوبہ پیش کر دیا

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) لبرل حکومت کارپوریٹ ٹیکس میں کوئی کمی نہیں کرے گی۔حکومت ٹیکس کم کرنے کی بجائے امریکہ کے ساتھ تجارت بڑھانے کے لیے سولہ ارب ڈالر خرچ کرے گی۔یہ اقدامات امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے گزشتہ سال کی گئی ٹیکس اصلاحات کے نتیجے میں سامنے آیا ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد کارپوریٹ ٹیکس کی شرح کو انتیس اعشاریہ آٹھ فی صد سے اٹھارہ اعشاریہ سات فی صد تک لانا ہے۔اس حوالے سے فسکل آوٹ لک کا کہنا ہے کہ امریکہ کی وفاقی ٹیکس اصلاحات نے کینیڈا کے مجموعی ٹیکس کے فائدے کو کم کر دیا ہے۔بعض تجارتی اداروں نے حالیہ دنوں میں تجویز دی ہے کہ حکومت کو ٹرمپ کے حربوں کا بھرپور جواب دینا چاہیے اور کارپوریٹ ٹیکس کی شرح کو براہ راست ختم کر دینا چاہیے۔

این ڈی پی کے قائد جگمیت سنگھ برنابی سے ضمنی انتخاب لڑیں گے

جگمیت سنگھ کا اپنا حلقہ بریمپٹن ہے تاہم وہ برٹش کولمبیا سے انتخابات میں حصہ لینا چاہتے ہیں

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) کینیڈا کی تیسری بڑی سیاسی جماعت این ڈی پی کے قائد جگمیت سنگھ نے کہا ہے کہ وہ ضمنی انتخابات برٹش کولمبیا سے لڑنا چاہتے ہیں۔جگمیت سنگھ نے یہ فیصلہ اس حقیقت کے سامنے آنے کے باوجود کیا ہے کہ ان کے علاقے میں اچانک سے ایک سیٹ نکل آئی ہے۔جگمیت سنگھ کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس بار برنابی کے حلقے سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔واضح رہے کہ جمعرات کو لبرل پارٹی کے رکن پارلیمنٹ راج گریوال نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔واضح رہے کہ جگمیت گزشتہ چھے سال سے اسی حلقے کی نمائندگی کر رہے تھے۔

برامپٹن ٹرانزٹ اپ ڈیٹ: گیٹ وے ٹرمینل پر سروس پر اثرات

برامپٹن ٹرانزٹ گیٹ وے ٹرمینل میں موجود پانی کی ایک بڑی نالی میں آنے والے ایک مسئلے کی وجہ سے، درج ذیل روٹس، ٹرمینل کے سامنے سٹیلیز ایونیو کی جنوبی سمت میں عارضی طور پر کچھ وقفے دیں گے:

☆ 511 زوم سٹیلیز ایسٹ باؤنڈ
☆ 3 مک لافلن
☆ 4 چنگوا کوی
☆ 11 سٹیلیز ایسٹ باؤنڈ
☆ 51 ہیئر فورڈ
☆ 53 ریسن
☆ 54 کاؤنٹی کورٹ
☆ 57 چیریلیس
☆ 104 چنگوا کوی ایکسپریس
☆ 199 ایکسپریس UTM
511 زوم سٹیلیز ویسٹ باؤنڈ اور 11 سٹیلیز ویسٹ باؤنڈ

راستوں کو دوسری سمتوں میں موڑا جا رہا ہے، مگر وہ ابھی بھی گیٹ وے ٹرمینل پر خدمات فراہم کر رہے ہیں۔

ان راستوں پر تاخیر کی توقع کی جاتی ہے۔

ریجن آف پیل اس مسئلہ پر کام کر رہا ہے اور تصدیق کی ہے کہ پانی کی نالی کا مسئلہ آج شام 6 بجے تک برقرار رہے گا اور اس کے بعد جائزے اور مرمت کا کام شروع ہوگا۔ اگلے نوٹس تک تبدیل شدہ راستے برقرار رہیں گے۔

پیدل چلنے والوں اور ڈرائیور خواتین و حضرات کو اس علاقے میں اضافی احتیاط برتنے کی یاد دہانی کروائی جاتی ہے۔

ذرائع آمد و رفت سے متعلق مزید تازہ خبروں کیلئے http://www.brampton.ca/EN/residents/transit/service-alerts/Pages/Route-Detours.aspx ملاحظہ کریں یا @BramptonTransit کو ٹوئٹر پر فالو کریں۔

جنرل موٹرز کا توسیعی منصوبے کے تحت اوشاوا پلانٹ بند کرنے کا فیصلہ

کمپنی ٹرمپ انتظامیہ کی پالیسیوں کی وجہ سے کسی ممکنہ اقتصادی بحران کے پیش نظر یہ اقدام کر رہی ہے

اوٹاوا (پاکستان پوسٹ) جنرل موٹرز نے توسیعی منصوبے کے تحت اوشاوا پلانٹ بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔کمپنی ٹرمپ انتظامیہ کی پالیسیوں کی وجہ سے کسی ممکنہ اقتصادی بحران کے پیش نظر یہ اقدام کر رہی ہے۔یہ بات کمپنی کے ایک ذمہ دار نے راز داری کی شرط پر بتائی ہے۔واضح رہے کہ رواں موسم خزاں میں ڈیٹرائٹ سے تعلق رکھنے والی کمپنی نے اٹھارہ ہزار کارکنوں کو ملازمت چھوڑنے کی پیش کش کی تھی لیکن اس نے ابھی تک یہ نہیں بتایا کہ کتنے لوگوں نے یہ پیش کش قبول کی۔اوشاوا فیکٹری کی بندش سے تقریباً پچیس ہزار افراد کی ملازمت متاثر ہوگی۔جنرل موٹرز کمپنی اپنی تشکیل نو کر رہی ہے۔اس نے اپنی توجہ باہر ڈ گاڑیاں بنانے میں کی پر مرکوز کر دی ہے۔

ریئرسن یونیورسٹی کا جی ریمنڈ چینگ سکول آف کانٹینوئنگ ایجوکیشن، برامپٹن میں اپنے کورسز پیش کرنے جا رہا ہے

برامپٹن، آن — آج، سٹی آف برامپٹن اور ریئرسن یونیورسٹی ایک بڑے تعلیمی پراجیکٹ کی صورت میں ایک نئے سنگ میل کا اعلان کرنے جا رہے ہیں، جو اس شہر کو بدل کر رکھ دے گا۔

ریئرسن یونیورسٹی کا جی جی ریمنڈ چینگ سکول آف کانٹینوئنگ ایجوکیشن (G.Raymond Chang School of Continuing Education) جنوری 2019 سے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں باضابطہ طور پر اپنے کورسز پیش کرنے جا رہا ہے۔

میئر لنڈا جیفری کا کہنا تھا کہ "سٹی آف برامپٹن کی ریئرسن کے ساتھ شراکت داری میں یہ آگے بڑھنے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔"انہوں نے مزید کہا کہ "میں چینگ سکول اور اس کی وجہ سے آنے والے سیکھنے اور جدت کے بڑے مواقع کو خوش آمدید کہنے کے لیے بہت پرجوش ہوں۔ایک ساتھ مل کر، سٹی آف برامپٹن اور ریئرسن ہمارے شہر میں تعلیم کا چہرہ بدل کر رکھ دیں گے۔"

کمپیوٹر سیکورٹی اور ڈیجیٹل فورینزکس کے سرٹیفکیٹ کے ذریعے سائبر سیکورٹی میں پہلے کورسز 14 جنوری 2019 سے شروع ہو رہے ہیں اور ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں پیر اور جمعرات کی شام کو جارج اسٹریٹ پر ویسٹ ٹاور میں چلیں گے۔اسکول کی انتظامیہ سوالات کے جوابات دینے اور پروگرام کے متعلق مزید معلومات فراہم کرنے کے لیے بروز ہفتہ، 17 نومبر کو ٹی ہال آڈیٹریم میں موجود ہوگی۔

یہ کورس کمپیوٹر نیٹ ورک سکیورٹی (CKDF 110) اور سکیورٹی آرکیٹیکچر اینڈ ڈیزائن (CKDF 140) ہیں۔

کونلسر جیف بوہین، اکنامک ڈیولپمنٹ چیئر، نے کہا کہ "سائبر سیکورٹی برامپٹن اور پوری دنیا میں کئی کاروباروں کے لیے اولین ترجیح ہوتی ہے۔"انہوں نے مزید کہا کہ "چینگ سکول کے پروگرام اور ڈاؤن ٹاؤن کے لیے مستقبل کے منصوبے زیر طلب نوکریوں کے لیے پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کے لیے ہمارے انتہائی متنوع اور باصلاحیت رہائشیوں کے لیے زبردست مواقع پیش کرتے ہیں۔"

چینگ سکول تعلیم اور پوری زندگی کے دوران سیکھنے کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم رہتے ہوئے بالغان کی تعلیم کے لیے متعلقہ، معیاری تعلیمی پروگرام بھی فراہم کر رہا ہے۔ جی رمنڈ چینگ سکول آف کانٹینوئنگ ایجوکیشن ایجوکیشن کی ڈین، ڈاکٹر میری بونٹروگیانی (Marie Bountrogianni) نے کہا کہ ''ہم برامپٹن کی کمیونٹی کے لیے اور سائبر سیکورٹی میں مستقبل کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کے شعبے کے کارکنان کی اگلی لہر تیار کرنے کے لیے ان انتہائی اہم کورسز کو برامپٹن میں پیش کرنے کے لیے انتہائی پرامید ہیں۔"ان کا مزید کہنا تھا کہ "برامپٹن کے نوجوان اور متنوع صلاحیتوں کے سمندر کے لیے خصوصی بنیادوں پر سیکھنے کے مواقع پیدا کرنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے، تاکہ ہم مہارتوں اور علم کے درمیان خلاء کو کم کر سکیں، جو اس ابھرتے ہوئے شعبے میں اس وقت موجود ہے۔"

جب سے صوبے نے مارخم، ہلٹن اور برامپٹن میں یونیورسٹی کے پراجیکٹس کے لیے فنڈ دینے کا اعلان کیا ہے، سٹی نے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں ان کے وجود کو قائم کرنے کے لیے ریئرسن یونیورسٹی اور شیریڈن کالج کے ساتھ کئی پیش اقدام اور انتخابات پر مل کر کام کرنا جاری رکھا ہوا ہے۔ منصوبہ شدہ ڈاؤن ٹاؤن انوویشن ہب، لائبریری اور سائبر سیکورٹی کے خصوصی اداروں کے لیے سٹی کی جانب سے فنڈنگ برقرار ہے، جبکہ مجموعی پروجیکٹ کے ان عناصر کے لیے ریئرسن اور شیریڈن کالج، دونوں کے ساتھ شراکت داری میں منصوبہ بندی جاری ہے۔

ریئرسن یونیورسٹی کا جی ریمنڈ چینگ سکول آف کانٹینوئنگ ایجوکیشن کا برامپٹن میں فعال ہونا اس عمل میں ایک اہم سنگ میل ہے۔برامپٹن 2019 میں ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں ایک نیا بزنس انکوبیٹر کھولنے کے لیے کام کرنے کے لیے بھی آگے بڑھ رہا ہے۔ریئرسن یونیورسٹی نے اس اقدام کے لیے اپنی حمایت ظاہر کی ہے اور اس کے ساتھ انٹرپرینورز کی تیاری اور جدت میں اپنی قائدانہ مہارتوں کو شامل کرنے کے اپنے ارادے کا اظہار کیا ہے۔ ریئرسن کے DMZ کو حالیہ طور پر دنیا کے پہلے نمبر کے سب سے اچھے یونیورسٹی پرمنی انکیوبیٹر کے طور پر تسلیم کیا گیا تھا۔

دلچسپی رکھنے والے طلباء برامپٹن میں چینگ سکول کے پہلے کورسز کے لیے یہاں پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور رجسٹر کر سکتے ہیں: https://ce-online.ryerson.ca

برامپٹن کے یونیورسٹی پروجیکٹ کے متعلق مزید معلومات یہاں پر دستیاب ہے: www.brampton.ca/university

کیا نئے نافٹا معاہدے پر آئندہ ہفتے دستخط ہو سکتے ہیں

کینیڈا کے وزیر خزانہ بل مورنیو نے کہا ہے کہ وہ اس حوالے سے بہت زیادہ پر امید ہیں

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) وزیر خزانہ بل مورنیو نے کہا ہے کہ وہ پوری طرح پر امید ہے کہ آئندہ ہفتے نئے نافٹا معاہدے پر دستخط ہو جائیں گے۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کینیڈا تکلیف دہ امریکی ٹیرف کے باوجود بھی یہ معاہدہ کر سکتا ہے۔ مورینو سے ایک تقریر کے بعد میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد نے سوال کیا کہ کیا حکومت کو اس صورت میں بھی معاہدے پر دستخط کرنے کا سوچنا چاہیے جبکہ امریکہ اس پر بھاری ٹیرف عائد کر رہا ہے۔خاص طور پر لوہے اور ایلومینیم کی مصنوعات پر۔ان کا کہنا تھا کہ کینیڈا امریکہ کے ساتھ مل کر اس موضوع پر کام کر رہا ہے اور وہ پر امید ہیں کہ معاملے کا کوئی مثبت حل نکل آئے گا۔مورینو کا کہنا تھا کہ پردے کے پیچھے بہت سارا کام ہو رہا ہے اور اس کا مثبت نتیجہ جلد برآمد ہو گا۔وہ اوٹاوا میں کینیڈا کے اکنامک کلب میں ہونے والی تقریب میں گفتگو کر رہے تھے۔

Buying or Selling Home?
Don't Worry! Get
Advantage of Today's Market
We will get you a deal
TEAM AMIN
TAKE YOU TO THE RIGHT DIRECTION
Book Your
Condo Apartment, Town home,
Semi Detached or Detached house
In Greater Toronto Area!
We Have it All
Very Reasonable Prices and
Deposited Structure
Call Now for Details.
اپنے لیے گھر خریدنا ہو یا بیچنا کہی جانے کی ضرورت نہیں آج ہی رابطہ کریں
CITYSCAPE REAL ESTATE LTD, BROKERAGE The Art of Realty
Want to Sell your Property Contact Now!
I Will Tell You How to save on Commission.
Almost 0% Commission*
Azfar Amin
Sale Representative
*Selling commission only buying commission is standard 2- 2.5%
416-858-5114

HAJEEJ INTERNATIONAL
Approved Umrah Agents From Saudi Embassy
Ottawa and Ministry of Hajj Saudi Arabia
SPECIAL OFFER ON SAUDIA
1110 Karachi | 1110 Islamabad | 1110 Lahore | 1010 Abudhabi
CRAZY FARES
you must buy.....
910 Dubai | 1025 Delhi | 1135 Dhaka | 1045 Bombay
Stopover Possible in Jeddah with Umarh
Visa at very special Price, Ask for Details
also
Toronto, Jeddah, Toronto with Umrah VISA From $1335/-only
Conditions
Offer Ends: Aug 15 or Earlier
Travel Period: Sep 07 to Nov 30, 2018
Umrah Visa Available Subject to
Saudi Embassy's Approval
ALL FARES ARE SUBJECT TO AVAILABILITY
tico.ca Emirates QATAR AIRWAYS SAUDI ARABIAN AIRLINES ETIHAD PIA IATA
214-1185 Dundas Street East Mississauga-ON L4Y2C6
For more information Contact Us:
Tel: 905 279-7786
web: www.hajeej.ca
Email: yyz@hajeej.com

MORTGAGE
CENTUM nexes FINANCIAL
Syed Saeed Ahmed
Mortgage Agent Bsc. PMP,SCM
License # M18001646
647-838-1952
Email: syed_ahmad@centum.ca
www.centum.ca/sites/syed_ahmad
Taking your Fear Out Of Financing
Residential Mortgage | Line of Credit (Secure/Un-Secure) | Re-Finance
Increase Your Credit Score | Debt Consolidation | Renovation Loan
Commercial Loan / Private Fund | 1st, 2nd & 3rd Mortgage | Bad/No Credit
Brokerage License # 12531
5805 Whittle Rd, Suite # 202, Mississauga, Ontario L4Z 2J1
Tel: 905.361.0136 • Fax: 905.361.0711

شہید پاکستانی پولیس اہلکاروں کیلئے چینی شہریوں کی فنڈ مہم جاری

پاک چین دوستی پہاڑوں سے بلند اور سمندر سے زیادہ گہری ہے، چینی ناظم الامور

اسلام آباد (اے این این) پاک چین دوستی کے چرچے پوری دنیا میں مشہور ہیں، جس کا ثبوت حال ہی میں اس وقت دیکھنے کو ملا جب کراچی میں واقع چینی قونصل خانے پر دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں جام شہادت نوش کرنے والے 2 پاکستانی پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ کی مالی مدد کرنے کے لیے چینی شہریوں نے بھی اپنی مدد آپ کے تحت عطیات جمع کرنے کے لیے مہم کا آغاز کردیا۔ واضح رہے کہ 3 دہشت گردوں نے 23 نومبر کی صبح کراچی کے علاقے کلفٹن میں واقع چینی قونصل خانے پر حملے کی کوشش کی تھی، جسے سیکیورٹی فورسز نے ناکام بناتے ہوئے تینوں حملہ آوروں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے خودکش جیکٹس اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ دوسری جانب کارروائی میں 2 پولیس اہلکار اے ایس آئی اشرف داد اور پولیس کانسٹیبل عامر خان شہید جبکہ ایک سیکیورٹی گارڈ جمن خان زخمی بھی ہوا تھا۔ حملے کے وقت قونصل خانے میں 21 چینی شہری موجود تھے، جو بالکل محفوظ رہے۔ اس واقعے کے بعد چینی شہریوں نے سندھ پولیس کے شہید اہلکاروں کے لیے فنڈ ریزنگ مہم کا آغاز کیا۔ پاکستان میں قائم چینی سفارت خانے کے ڈپٹی چیف آف مشن یُچیان ژانے اس حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر لکھا، 'چین اور پاکستانی آئرن برادرز ہیں۔ یہ عوام کی عوام سے دوستی ہے۔ حکومتوں کی جانب سے اعزاز کے ساتھ ساتھ چینی شہریوں نے کراچی میں واقع قونصل خانے کی حفاظت کے دوران جانوں کا نذرانہ دینے والے سندھ پولیس کے 2 اہلکاروں اور زخمی ہونے والے سیکیورٹی گارڈ کے اہلخانہ کے لیے عطیات جمع کرنے کا کام شروع کیا ہے۔' انہوں نے مزید لکھا، 'پاکستان پولیس کے لیے چینی شہریوں کی جانب سے عطیات اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاک چین دوستی پہاڑوں سے بلند اور سمندر سے زیادہ گہری ہے۔ لچیان نے لکھا، 'یہ دوستی خالی خولی باتوں پر مشتمل نہیں ہے بلکہ چینی اور پاکستانی عوام کے دلوں میں نقش ہے۔' ان کا مزید کہنا تھا، 'پاکستان کی چین سے دوستی بہت گہری ہے، جس کا آغاز دل سے ہوتا ہے، ہماری حفاظت کے لیے انہوں نے اپنی جانوں کی بھی پروا نہیں کی۔ پولیس اہلکاروں کے لیے چینی شہریوں کے عطیات اس بات کا اظہار ہیں وہ پاکستان کے لیے خصوصی جذبات رکھتے ہیں۔ لچیان کا کہنا تھا کہ سندھ پولیس اور پاکستان کے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے انہوں نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ کے بیک گراؤنڈ کو چینی قونصل خانے پر حملے کو ناکام بنانے کی کوشش کے دوران شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں عامر خان اور اشرف داد کی یاد میں تبدیل کرلیا ہے۔ چینی ناظم الامور نے مہم کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر جاری کردیں۔ واضح رہے کہ سندھ حکومت نے چینی قونصل خانے پر حملے کو ناکام بنانے کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے دونوں پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ کے لیے ایک کروڑ 25 لاکھ روپے فی کس دینے کا اعلان کیا تھا۔ حملے میں زخمی ہونے والے نجی سیکیورٹی گارڈ جمن خان کے لیے بھی انسپکٹر جنرل سندھ پولیس ڈاکٹر کلیم امام نے 5 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا تھا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے جمن خان کے لیے 10 لاکھ اور وفاقی وزیر علی زیدی برائے پورٹس اینڈ شپنگ علی زیدی نے 3 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا تھا۔ واضح رہے کہ جمن خان ان دنوں جناح اسپتال میں زیر علاج ہے، جہاں اس کی حالت بہتر ہے اور ڈاکٹروں کے مطابق اسے آئندہ چند دن میں ڈسچارج کردیا جائے گا۔

حکومت کا ایک بار پھر بجلی بم گرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی حکومت کا عوام پر ایک بار پھر بجلی بم گرانے کا فیصلہ، وفاقی حکومت نے نیپرا سے بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 27 پیسے فی یونٹ اضافے کی سفارش کردی ہے۔ حکومت نے بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 27 پیسے فی یونٹ اضافے کی سفارش نیپرا کو ارسال کردی ہے جس کے بعد بجلی کے صارفین پر 22 پیسے سے ایک روپے 60 پیسے تک فی یونٹ اضافہ ہوگا جب کہ حکومت بجلی کے صارفین کو 117 ارب روپے کی سبسڈی دے گی۔ نیپرا اتھارٹی نے حکومتی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا تاہم بجلی کے تیرف میں اضافے کا اطلاق 300 سے زائد یونٹ استعمال کرنے والے صارفین پر ہوگا۔

کراچی حملہ سی پیک کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے: خسرو بختیار

اسلام آباد (نمائندہ جناح) وفاقی وزیر منصوبہ بندی خسرو بختیار نے کہا ہے کہ سی پیک منصوبوں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کریں گے، پوری قوم پاک چین تاریخی تعلقات اور سی پیک کی حمایت کرتی ہے، کراچی حملہ سی پیک کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے۔ پیر کو وفاقی وزیر منصوبہ بندی خسرو بختیار سے چینی سفیر یاؤ جنگ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک چین تعاون بھرپور انداز میں جاری اور سی پیک کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں سی پیک منصوبوں پر پیش رفت کے ساتھ ساتھ سی سی سی کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ چینی سفیر نے کراچی حملہ ناکام بنانے پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر خسرو بختیار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چینی شہریوں سی پیک منصوبوں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کریں گے، کراچی حملہ سی پیک کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے، ملک دشمن عناصر سی پیک پر پاکستانی موقف وعزم کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ حملے کے منصوبہ ساز، سہولت کاروں کی گرفتاری عمل میں لائی جارہی ہے، پوری قوم پاک چین تاریخی تعلقات اور سی پیک کی حمایت کرتی ہے۔

مولانا ظفر علی خان کی 62 ویں برسی آج منائی جائیگی

لاہور (جنرل رپورٹر) بانیٔ صحافت ادیب و تحریک پاکستان کے ممتاز رہنما مولانا ظفر علی خان کی 62 ویں برسی آج 27 نومبر بروز منگل کو عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائے گی اس مناسبت سے صحافتی اور دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام عارف والا سمیت ملک بھر میں سیمینارز، کانفرنسز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں تحریک پاکستان کی جدوجہد میں مولانا ظفر علی خان کے کردار پر روشنی ڈالی جائے گی۔ مرحوم کی روح کو ایصال ثواب پہنچانے کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی بھی کی جائے گی۔ مولانا ظفر علی خان 27 نومبر 1956 کو وفات پاگئے تھے۔ اس روز الیکٹرانک میڈیا پر وگرامز اور پرنٹ میڈیا خصوصی فیچر شائع کریں گے۔

آئی ایم ایف سے مذاکرات میں تعطل خودداری کی قیمت ہے: سینیٹر محسن عزیز

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹر محسن عزیز نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے مذاکرات میں تعطل خودداری کی قیمت ہے، اس سے قبل آئی ایم ایف کی شرائط مان کر قرض لیا جاتا تھا۔ گزشتہ روز نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف سے قرض لینا چاہتے ہیں لیکن ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر قرض لینا چاہ رہے ہیں اس سے قبل آئی ایم ایف کی شرائط مان کر قرض لیا جاتا تھا لیکن تحریک انصاف کی حکومت یہ کام نہیں کررہی اس کا کریڈٹ حکومت کو دینا چاہئے ماضی کی حکومتوں نے جو قرض لیا تھا اس کو غلط جگہ پر لگایا گیا ہم نے قرض بھی واپس کرنا ہے اور اس پر سود بھی واپس کرنا ہے آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں جو تعطل ہے وہ خودداری کی بنا پر ہے ہم خودداری کی قیمت چکا رہے ہیں۔

نواز شریف کا اپنے اثاثوں کے بارے میں 10 بار موقف بدلا، بابر اعوان

کبھی کہا جائیداد میری ہے، کبھی کہا ابا جی نے بنائی اور کبھی کہا جائیداد خاندان کی ہے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ سوئس میں ملک کے اندرونی اور بیرونی معاملات بدل گئے ہیں، اندرون ملک اب کوئی کوئی قانون سے بالا نہیں، اب کوئی راستے بند نہیں کرتا، کوئی توڑ پھوڑ نہیں ہوتی، بین الاقوامی سطح پر اب مودی اور ڈونلڈ ٹرمپ کو دوٹوک جواب دیئے جاتے ہیں۔ اسلام آباد میں نندی پور پاور پروجیکٹ میں تاخیر سے متعلق ریفرنس پر سماعت کے موقع پر احتساب عدالت کے باہر بابر اعوان نے میڈیا سے بات چیت میں صحافی نے سوال کیا حکومت کے 100 دن پورے ہوگئے کیا کہیں گے، کیسی رہی کارکردگی؟ بابر اعوان نے کہا 100 دن میں اندرون اور بیرون ملک منظر ہی بدل گیا، اندرون ملک اب کوئی کوئی قانون سے بالا نہیں، اب کوئی راستے بند نہیں کرتا، کوئی توڑ پھوڑ نہیں ہوتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں اب کوئی چوری نہیں کرسکتا بین الاقوامی سطح پر اب مودی اور ڈونلڈ ٹرمپ کو دوٹوک جواب دیئے جاتے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت نے اقتدار سنبھالتے ہی پہلے سودن کی سمت متعین کرنے کیلئے بڑے اقدامات کیے، ماضی کے حکمرانوں کی ساری شاہ خرچیاں بند کرکے سرکاری اخراجات میں نمایاں کمی کردی۔ غریبوں کے لیے پچاس لاکھ گھر بنانے کے لیے بڑی پیش رفت کی اور وزیراعظم سے براہ راست رابطے کے لیے بڑا قدم اٹھایا۔ سودن مکمل ہونے پر خصوصی تقریب منعقد ہوگی، جس میں وزیراعظم عمران خان شرکت کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ نواز شریف کا اپنے اثاثوں کے بارے میں 10 بار موقف بدلا ہے۔ کبھی کہا جائیداد میری ہے، کبھی کہا ابا جی نے بنائی اور کبھی کہا جائیداد خاندان کی ہے۔ کبھی کہا میرے بچوں نے مجھے تحفے دیئے ہیں۔

رائل ملائیشین فضائیہ کے سربراہ کا ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ

ایئر چیف نے وفد کو پاک فضائیہ کے خود انحصاری کے مختلف منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا

اسلام آباد (نمائندہ جناح) رائل ملائیشین فضائیہ کے سربراہ جنرل تان سری دتو، سری جاجی آفندی بن بوآنگ نے پیر کو ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا۔ ایئر ہیڈ کوارٹرز آمد پر پاک فضائیہ کے چاق وچوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ رائل ملائیشین فضائیہ کے سربراہ جنرل تان سری دتو نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا کر پاک فضائیہ کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ بعد ازاں انہوں نے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان سے انکے آفس میں ملاقات کی جس میں دونوں سربراہان نے پیشہ ورانہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ ء خیال کیا۔ جنرل تان سری دتو نے پاک فضائیہ کے افراد کی پیشہ وارانہ مہارت کی تعریف کی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاک فضائیہ کے کلیدی کردار کو سراہا۔ ایئر چیف نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کے خود انحصاری کے مختلف منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں معزز شخصیات نے باہمی تعاون اور دفاعی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا جس کی بدولت دونوں فضائی افواج کے مابین دوستانہ تعلقات کو مزید وسعت ملنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ رائل ملائیشین فضائیہ کے سربراہ پاک فضائیہ کی دعوت پر پاکستان کے سرکاری دورے پر ہیں وہ 27 نومبر کو کراچی میں شروع ہونے والی آئیڈیاز 2018- میں بھی شرکت کریں گے۔

مسی ساگا جیولری ورکز نے ڈاکوؤں سے بچنے کے لیے تلواریں پکڑ لیں

تفتیشی عملے کا کہنا ہے کہ وہ سی سی ٹی وی کیمرے میں نظر آنے والے چار مشتبہ افراد کو ڈھونڈ رہے ہیں

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) مسی ساگا کے ایک جیولری سٹور میں ڈکیتی کے خطرے کے پیش نظر عملے کے افراد نے ہاتھوں میں تلواریں پکڑ لیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ وہ ان چار افراد کو تلاش کر رہی ہے جو جیولری سٹور پر ڈاکے کی نیت سے آئے میں ملوث تھے اور جن کی تصاویر سی سی ٹی وی فوٹیج پر موجود ہیں۔ پیل ریجنل پولیس نے کہا ہے کہ انہیں دوپہر تقریباً سوا بارہ بجے ایئر پورٹ روڈ پر واقع اشوک جیولرز کی طرف سے کال موصول ہوئی کہ کچھ افراد ان کی دکان کو لوٹنا چاہ رہے ہیں۔ پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی تو اس نے فوراً ہی سی ٹی وی کیمرے اپنے قبضے میں لے لیے۔ اطلاعات کے مطابق جب ڈاکوؤں نے دکان میں گھسنے کی کوشش کی تو کچھ ملازمین نے تلواریں ہاتھوں میں پکڑ لیں جنہیں دیکھ کر ڈاکو فرار ہوگئے۔ پولیس نے عوام الناس سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر کسی کو بھی واقعے میں ملوث افراد میں سے کسی کی شناخت کا پتا ہو تو پولیس کو ضرور آگاہ کریں۔

کرتار پور کوریڈور سے امن کی کوششوں کو تقویت ملے گی: طاہر احسان

راہداری کی تعمیر سے سکھ یاتریوں کو مذہبی رسومات کی ادائیگی میں مالی اور سفری آسانی ہوگی

لاہور (بزنس رپورٹر) چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ محمد طاہر احسان نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان اور آرمی چیف کے کرتار پور کوریڈور کے اقدام پر بھارت سمیت دنیا بھر کی سکھ قوم نے خوشی کا اظہار کیا ہے، اس سے بھارت اور پاکستان کے تعلقات میں بہتری آئے گی، امن کی کوششوں کو تقویت ملے گی، راہداری کی تعمیر سے سکھ یاتریوں کو مذہبی رسومات کی ادائیگی میں مالی اور سفری آسانی ہوگی جبکہ پاکستان میں سیاحت اور صنعت کو فائدہ ہوگا۔ جبکہ چیئرمین بورڈ کا کہنا ہے کہ گوردوارہ کرتار پور ناروال میں یاتریوں کے لیے رہائش ،میڈیکل ٹرانسپورٹ لنگر سمیت تمام تر انتظامات مکمل ہیں کرتار پور کوریڈور انتظامات کے حوالے سے سیکرٹری بورڈ محمد طارق کا کہنا ہے کہ چیئرمین کی ہدایات کے مطابق بورڈ افسران ٹیم کے ہمراہ تمام تر انتظامات جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے کام کررہے ہیں۔ چیئرمین بورڈ کے احکامات کے مطابق ترجمان متروکہ وقف املاک بورڈ عامر حسین ہاشمی نے ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر سمیرا رضوی کے ہمراہ گوردوارہ کا دورہ کیا اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر ناروال، پی ٹی آئی رہنماء ابرار الحق و دیگر سیاسی و انتظامی افسران بھی موجود تھے۔ مزید برآں پیشوا بابا گورونانک دیو جی کے جنم دن کی تقریبات کے موقع پر ہمسایہ ملک بھارت سے پاکستان آئے 3 ہزار سے زائد سکھ یاتری لاہور پہنچ گئے ۔یاتریوں کو سخت سیکورٹی میں لاہور ریلوے اسٹیشن پہنچایا گیا جسکے بعد پیشل بسوں میں گوردوارہ ڈیرہ صاحب منتقل کیا گیا اس موقع پر ریلوے اسٹیشن سے گوردوارہ صاحب تک سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ ڈپٹی سیکرٹری عمران گوندل کی نگرانی میں سکھ یاتریوں کو بلاتعطل تمام تر سہولیات مہیا کرنے کے لیے ٹیم کی نگرانی کررہے ہیں۔ گورد وارہ ڈیرہ صاحب پہنچنے پر سکھ یاتریوں کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ بھارت سے آئے جتھہ لیڈر سردار امرجیت سنگھ نے لاہور پہنچنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کے اقدامات قابل قدر ہیں ہم 28 نومبر کو گوردوارہ کرتار پور صاحب جائیں گے جبکہ جتھہ کو شدت سے انتظار ہے۔ کرتار پور کوری ڈور کھولنے کے اقدام نے بھارت سمیت دنیا بھر کی سکھ برادری بہت خوش ہے، انہوں نے بتایا کہ بابا جی کے جنم دن کی تقریبات منانے سمیت ہمارا جتھہ خاص طور پر خواتین لاہور کی سیر کے لیے بے تاب ہیں۔ ڈپٹی پارٹی سورن کور، پرتپال سنگھ، سورن سنگھ گل نے بھی لاہور ریلوے اسٹیشن پر میڈیا کے نمائندوں کو انتظامات کے حوالے سے اظہار اطمینان کیا۔ پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے پردھان سنگھ سردار تارا سنگھ نے بتایا کہ پی ایس جی پی سی پاکستان میں سکھ یاتریوں کو سہولیات اور گورد دوارہ میں انتظامات کے لیے مکمل معاونت کررہی ہے سکھ قوم کرتار پور کوری ڈور کے اقدام پر حکومت پاکستان کی شکر گزار ہے، متروکہ وقف املاک بورڈ کے ترجمان کے مطابق یاتری گورد دوارہ ڈیرہ صاحب میں قیام کریں گے جہاں انہیں رہائش اور کھانے کے تمام تر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔

مال روڈ، داتا دربار کے اطراف میں تجاوزات ختم کرنے کا حکم

عدالتی حکم پر من وعن عمل ، بلا امتیاز تجاوزات ختم کرکے سڑکیں بحال کی جائیں: جسٹس علی اکبر

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی اکبر قریشی نے مال روڈ، ہال روڈ، شاہ عالم مارکیٹ اور داتا دربار کے اردگرد تجاوزات 24 گھنٹے میں ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی درخواست پر احکامات جاری کیے۔ درخواست گزار کا موقف ہے کہ عدالتی احکامات کے باوجود تجاوزات کا صفایا نہیں ہوسکا۔ دوران سماعت جسٹس علی اکبر قریشی نے ریمارکس دیئے کہ ڈی سی صاحبہ عدالتی حکم پر من وعن عمل ہونا چاہیے۔ بلا امتیاز تجاوزات ختم کرکے سڑکیں بحال کی جائیں۔ ڈی سی لاہور صالح سعید نے عدالتی احکامات پر عمل درآمد کی یقین دہانی کرادی۔

احتساب ہونا چاہیے لیکن کسی تفریق کے بغیر، چوہدری نثار

اسلام آباد (اے این این) سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار کا کہنا ہے کہ احتساب ضرور ہونا چاہیے لیکن کسی تفریق کے بغیر، یہ احتساب نہیں کہ صرف اپوزیشن کی جماعتوں کے ارکان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار نے کہا کہ عمران خان کو بیٹنگ وکٹ ملی ہے، ایسی حکومت تو شاید ق لیگ کو ملی تھی۔ چوہدری نثار نے مزید کہا کہ عمران خان پہلے سیدھا کھیلیں تو سہی، اچھی ٹیم میدان میں اتاریں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ احتساب نہیں کہ صرف اپوزیشن کی جماعتوں کے ارکان کے خلاف کارروائی کی جائے، احتساب ضرور ہونا چاہیے لیکن کسی تفریق کے بغیر ہو۔

شاک مارکیٹ، 266 پوائنٹس کا اضافہ، ڈالر بھی 5 پیسے مہنگا

کراچی (کامرس رپورٹر) شاک مارکیٹ میں آج تیزی کا رجحان دیکھنے میں آیا۔ کاروبار کے دوران 266 پوائنٹس کے اضافے سے 100 انڈیکس 41 ہزار 136 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ دوسری جانب ڈالر کے انٹر بینک مارکیٹ ریٹ میں 5 پیسے کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ حکومت نے آئی ایم ایف کی سخت شرائط ماننے سے انکار کیا جس کے باعث پاکستان شاک مارکیٹ میں مثبت رجحان ریکارڈ ہوا، 100 انڈیکس کاروبار کے آغاز پر 266 پوائنٹس کے اضافے سے 41 ہزار 136 کی سطح پر آ گیا۔ انٹر بینک مارکیٹ میں ڈالر روپے کے مقابلے 5 پیسے مہنگا ہوگیا جس کے بعد 134 روپے 4 پیسے پر ڈالر کا لین دین ہوتا رہا۔ سرمایہ کاروں نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط نافذ ہوئیں تو ملک میں مہنگائی کا سیلاب آئے گا۔ مہنگی بجلی کے باعث ملکی مصنوعات کی لاگت میں پہلے ہی اضافہ ہو چکا ہے جن کی عالمی منڈی میں سخت مسابقت کے باعث برآمدات متاثر ہونے کا خدشہ ہے، ایسے میں اگر آئی ایم ایف کی نئی شرائط مان لی گئیں تو پاکستانی برآمد کنندگان کیلئے مشکلات مزید بڑھ جائیں گی۔

چیئرمین کی مدت ملازمت مکمل نیپرا قانونی اختیارات کھونے لگا

اسلام آباد (آن لائن) متعدد اراکین کی غیر موجودگی میں نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) قانونی طور پر غیر فعال ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق نیپرا چیئرمین کی مدت معیاد 23 نومبر کو پوری ہوگئی، جبکہ سندھ اور خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے 2 اراکین کے لیے بھی آسامیاں خالی ہیں۔ اس وقت پنجاب اور بلوچستان کے 2 اراکین اپنے عہدوں پر موجود ہیں تاہم فیصلوں کا اختیار رکھنے والے کورم کے لیے 3 اراکین کا ہونا ضروری ہے، تاہم ان کی غیر موجودگی میں ادارہ غیر فعال دکھائی دے رہا ہے۔ وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کی جانب سے بجلی کے نرخ میں میں اضافہ کیا گیا تھا جس کا نوٹیفکیشن چند قانونی پیچیدگیوں اور بجلی کی ترسیل کار کمپنیوں کے لیے ایک ارب روپے کے مالی خلا کی وجہ سے جاری نہیں کیا جاسکا۔ ذرائع کے مطابق سندھ اور خیبر پختونخوا نے نیپرا کو 3 ہفتے پہلے ہی اپنے نامزد کردہ نمائندوں کے بارے میں آگاہ کردیا تھا لیکن پاور اور کابینہ ڈویژن کے حکام نے اب تک ان کی منظوری نہیں دی۔ ان کا ہی کہنا تھا کہ نیپرا کی جانب سے بھی پاور اور کابینہ ڈویژن کو چیئرمین کی خالی آسامی اور کورم کے مسئلے کے بارے میں آگاہ کردیا گیا تھا۔ پاور اور کابینہ ڈویژن سے یہ بھی درخواست کی گئی تھی کہ نئے چیئرمین کی تقرری کے لیے عمل کو آگے بڑھایا جائے یا پھر موجودہ چیئرمین طارق صدوزئی کی مدت ملازمت میں قانونی طور پر اضافہ کیا جائے لیکن سب کچھ بیکار ثابت ہوا۔

کینیڈین حکومت دس لاکھ سے زائد گھرانوں کو گھر فراہم کرے گی

شہریوں کا کہنا ہے کہ کینیڈا میں ہاؤسنگ کے شعبے کی تعریف کرنے کی لاکھوں وجوہات ہیں

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) کینیڈا کے ہر شہری کو محفوظ اور ستے گھر میں رہنے کا حق حاصل ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ 2016 کے ابتدائی بجٹ میں کینیڈین حکومت نے اس مقصد کے لیے خاصی رقم مختص کی تھی جبکہ اس شعبے پر اچھی خاصی سرمایہ کاری بھی کی گئی تھی۔ اس سرمایہ کاری کے ذریعے بہت سے لوگوں کو اپنی چھت حاصل ہوئی اور عزت کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع میسر آیا۔ اس سرمایہ کاری کے نتیجے میں چودہ ہزار سے زائد نئے گھر تعمیر ہوئے اور ابھی مزید تعمیر ہو رہے ہیں۔ ڈیڑھ لاکھ سے مکانات کی مرمت اور بحالی کا کام جاری ہے جبکہ آٹھ لاکھ کے قریب افراد کو اپنی چھت میسر آئی۔

پورٹ پیری کے قریب ٹریفک حادثہ، دو افراد ہلاک ہوگئے

ڈرہم ریجن پولیس کا کہنا ہے کہ حادثہ نو نومبر کو دوپہر ڈھائی بجے کے قریب پیش آیا

ٹورانٹو (پاکستان پوسٹ) پورٹ پیری کے قریب دو گاڑیوں کے درمیان تصادم میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔ ڈرہم ریجنل پولیس کے مطابق حادثہ نو نومبر کو دوپہر ڈھائی بجے کے قریب پیش آیا۔ حادثے کی وجہ شمال کی جانب جانے والی ہنڈائی گاڑی بنی جس کا ڈرائیور تیز رفتاری کی وجہ سے اس پر قابو نہ رکھ سکا اور جنوب کی طرف جانے والی کیا سینٹرو سے جا ٹکرایا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ایک اسّی سالہ خاتون جو ہنڈائی میں موجود تھی موقع پر ہی چل بسی۔ اسی گاڑی کو چلانے والے ایک چھپّن سالہ شخص کو ہسپتال پہنچایا گیا اور پولیس کا کہنا ہے کہ وہ بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ایک ستر سالہ خاتون جو کیا گاڑی کو چلا رہی تھی اسے بھی زخمی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا تاہم اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ چھہتر سالہ شخص کی موت ڈرہم ریجن میں حادثے سے ہونے والی ہائیسویں ہلاکت ہے۔

امن اور بردباری اسلام کا اولین درس ہے: ڈاکٹر زکریا ذاکر

نبی کریمؐ کا کوئی پیروکار کبھی بھی کسی بھی صورت حال میں تشدد پہ آمادہ نہیں ہو سکتا، خطاب

لاہور (بزنس رپورٹر) یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زکریا ذاکر نے ماہ ربیع الاول کے حوالے سے یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے ایک سیمینار میں طلباء اور اساتذہ کے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن اور بردباری اسلام کا اولین درس ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کوئی پیروکار کبھی بھی کسی بھی صورت حال میں تشدد پہ آمادہ نہیں ہو سکتا۔ اس سیمینار کا موضوع معاشرے میں امن اور برداشت کے رویوں کو فروغ دینا تھا۔ ڈاکٹر زکریا کا مزید کہنا تھا کہ مذہب کے نام پہ معاشرے میں تشدد اور انتشار پھیلانا ایک سنگین جرم ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو ترغیب دی کہ معاشرے میں امن، برداشت اور بردباری پیدا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں اور اپنے آپ کو دوسروں کے لیے ایک مثعل راہ بنانے کی کوشش کریں۔ قیام امن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صرف خطبات اور تقریروں سے کام نہیں چلے گا بلکہ ہمارے تعلیمی اداروں، بازاروں اور گلی محلوں کو تشدد سے پاک کرنے کے لیے عملی اقدامات درکار ہیں۔

SOUND TRAVEL INC.
SPECIAL AIRFARES WORLD WIDE
UMRAH VISA & PACKAGES AVAILABLE
PIA Come Fly With Us
KLM
Air Canada
Emirates
Etihad
TICO
LOWEST AIRFARES GUARANTEED
DISCOUNTED AIRFARES FOR PAKISTAN INDIA, MIDDLE EAST AFRICA, EUROPE, USA
ABID QURESHI: 416-901-6163 / 416-834-8617
3000 Danforth Ave. Unit #3, Suite-119 Toronto, ON M4C 1M7
E-mail: travelandtour@hotmail.com, Website: www.soundtravelinc.ca

NEED YOUR HOME SOLD QUICKLY?
Relex
Home Selling is easy when you List with
Nadeem Khalid
CALL THE GUY WHO KNOWS HOW TO MAKE IT Happened!
Nadeem Khalid
Sales Representative
nadeemkhalid40@yahoo.ca
Real Estate Homeward
Brokerage
REAL ESTATE HOMEWARD BROKERAGE
1858 Queen Street East, Toronto, Ontario M4L 1H1
Phone: 416-466-2090 Fax: 416-698-2090
Cell: 416-529-3007

LAW OFFICE OF NAVEED K. BUTT
M.A., LL.B.
BARRISTER, SOLICTOR & NOTARY PUBLIC
REAL ESTATE
WILL
IMMIGRATION
FAMILY
CRIMINAL
Monday to Friday 9:00 AM to 6:30 PM
Saturday 10:00 AM to 6:30 PM
Tel:416-465-0538 Cell:647-836-2923
Fax:416-465-5253
220 GREENWOOD AVE. GERRARD STREET AND GREENWOOD TORONTO ON M4L 2R2 CANADA

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ (اللہ) ہی مجھے شفاء دیتا ہے (۲۶-۸۱ القرآن)
عاصم ہیلتھ سینٹر
we care, nature cures
Homeopathic Consultant
ASIM SHAIKH
www.asimhealthcenter.com
B.SC., D.H.M.S., R.H.M.P., HOM (CANADA)
REGISTERED HOMEOPATH , COLLEGE OF HOMEOPATHS OF ONTARIO
CHAIRMAN WORLD HOMEOPATHIC AWARENESS ORGANIZATION (WHAO)
MEMBER NATIONAL CENTRE FOR HOMEOPATHY (USA)
MEMBER BRITISH HOMEOPATHIC ASSOCIATION (ENGLAND)
Telephonic Consultation available asimhealthcenter@gmail.com
Covered with most Insurance Companies Please ask for Details
For Appointments Call
Phone: 416-238-9921
2 Brinkley Dr. Brampton ON L7A 1H2 (Hurontario St. / Brinkley Dr.)
We also accept Visa & Master Card.
تجربہ کار اور کوالیفائیڈ، پرانے اور پیچیدہ امراض کے ماہر، ہر قسم کے علاج کیلئے رجوع کریں
کیل مہاسے، داغ دھبوں اور چھائیوں کا مکمل خاتمہ، موٹاپے کا بہترین علاج، جوڑوں کا درد، گھٹیا کا درد، بال گرنا، پستہ قد، اسقاط حمل، ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، الرجی، قبض، ڈپریشن، جگر اور گردوں کے امراض، بواسیر، جنسی کمزوری، اعصابی تھکن، جلدی امراض، بانجھ پن، اولاد نرینہ نہ ہونا، بچوں کی ہر طرح کی تکالیف، دوران حمل اور بعد کی پیچیدگیاں، کمزوری وغیرہ
All Homeopathic remedies & supplies are available. We ship almost all over the world by post.

کیا آپ ایلوپیتھک علاج سے مایوس ہیں؟
ہومیو پیتھک علاج مایوسی میں امید کی کرن ہے
کراچی کے مشہور ہومیو پیتھ
خالد انصاری
بی ایس سی، ڈی ایچ ایم ایس، ایچ ڈی
سابق لیکچرر ہومیو پیتھک کالج آف کینیڈا
ڈائریکٹر ہومیو پیتھک میڈیکل کونسل آف کینیڈا
★ مشکل، پیچیدہ اور لاعلاج امراض کے علاج کا 30 سال سے زائد تجربہ
★ مردوں اور عورتوں کے..... پوشیدہ امراض کے علاج کی خصوصی مہارت
★ ہومیو پیتھک دوائیں دستیاب ہیں
★ دوا آپکے ایڈریس پر بذریعہ ڈاک پہنچانے کا انتظام ہے
Tel: 416-806-9279, 905-712-1420
5309 Roebuck Crt., Mississauga, ON, L5R 2J5
By Appointment only, ansarikhalid@yahoo.com

www.pakistanpost.net

ہفت روزہ
پاکستان پوسٹ

''ڈر'' بہت بڑی قیمتی چیز ہے

ویسے تو ہم پر خدا کے اور بھی بہت سارے کرم اور احسان ہیں جن کا ہم جتنا شکر یہ ادا کریں کم ہے لیکن یہ جو ہمیں خاص ودیعت کیا گیا ہے اسے اگر ہم نعمت عظمیٰ کہیں تو بھی غلط نہ ہوگا۔ یوں کہیے کہ یہ ہمارا وہ باڈی گارڈ ہے جو کسی بھی خطرے کو ہمارے قریب نہیں آنے دیتا اور دور دور رکھتا ہے ورنہ جیسی ہماری خُو بُو ہے، کردار و گفتار ہے، مُنہ اور زبان ہے، ان کے طفیل اب تک نہ جانے ہم کتنی بار سنگسار ہو چکے ہوتے اور سولیوں پر لٹک چکے ہوتے لیکن ہمارا یہ محافظ یہ باڈی گارڈ دیکھتا رہتا ہے اور ذرا سا بھی خطرہ ہو تو سرخ بتی جلا دیتا ہے اور غصے کو کھوپڑی سے کھینچ کر پرے پھینک دیتا ہے اور اس کی جگہ عقل کے سہ طرفی تکیے رکھ کر آرام سے بیٹھا دیتا ہے۔

اب یہ جو پی ٹی آئی کی حکومت آئی ہے، اس کی ہر ہر حرکت پر کچھ کہنے کو جی چاہتا ہے لیکن اپنا باڈی گارڈ فوراً وہ بورڈ سامنے لہرا دیتا ہے جس پر اس نے سرخ حروف میں ''پٹائی'' لکھا ہوا ہے۔ کہ پٹائی سے کون نہیں ڈرتا، چاہے وہ ماسٹر کی ہو، ہیڈ ماسٹر کی ہو یا پی ٹی آئی کی ہو۔ بلکہ آپ سے کیا پردہ اسی پٹائی بلکہ پی ٹی آئی کی پٹائی سے ہم اسکول چھوڑ کر بھاگے۔

ہمارا پی ٹی آئی تھا بھی ایک نہایت ہی سخت سابق فوجی، اس نے اسکول میں پہلی مرتبہ ہاتھ آگے کرنے، سیدھے ہاتھ پر مارنے کا طریقہ منسوخ کر کے یہ نیا طریقہ رائج کیا تھا لکہ ہاتھ کو پھیلا کر اپنے کان کی سیدھ میں باہر کی طرف پھیلایا جائے اور پی ٹی آئی اس توت کی ٹہنی کو اپنے سر کے اوپر لے جا کر گرایا کرتا تھا، یہ ٹہنی تین چار دن چلنے کے بعد ریٹائرڈ کر دی جاتی اور اس کی تازہ تازہ کاٹی ہوئی ٹہنی آن ڈیوٹی کر دی جاتی۔

اب ہم جیسے پی ٹی زدہ اور پی ٹی آئی گھائل انسان کے لیے پی ٹی آئی اور پٹائی کا ''مُردہ'' جان لیوا سننا بھی جھرجھری ورنہ ہو تو کیا ہو۔

لیکن بھلا ہو ڈرپوک ہونے کا کہ جس کی حفاظت میں ہم بعافیت جی رہے ہیں۔ اب اس دن کا قصہ سن لیجیے جب ہمارے وزیراعظم سعودی عرب سے لدے پھندے تشریف لائے اور لوگوں کی مبارک بادکی گونج میں یہ خوش خبری بھی سنائی کہ کچھ اور ممالک ''اقتصادی پیکیج'' دینے کو تیار ہیں تو ہم پر شادی مرگ جیسی کیفیت طاری ہوئی کیونکہ اسی اخبار میں پچاس لاکھ گھر مفت تقسیم کرنے کی کارروائیاں بھی شایع ہو رہی تھی۔

اسی بات کو پشتو میں ایک کہاوت کے ذریعے واضح کیا جاتا ہے کہ لنڈے (بیل) ابھی ذبح بھی نہیں ہوا ہے اور تم گوشت لینے کے لیے تھال سر پر رکھ کر آ گئے ہو، اس مضمون کی بات اردو میں بھی کی گئی ہے لیکن ہمارے محافظ نے پھر پٹائی والا سرخ بورڈ سامنے کر دیا ہے۔ کیونکہ اردو کی کہاوت میں ''بستی'' کے لٹنے سے پہلے کچھ لوگوں کے آنے کا ذکر ہے اور وہ لوگ پٹائی میں مشہور عالم ہیں۔

اس نعمت مبارک قرضے اور امداد پر ''مبارک باد'' سے ہمیں ایک بہت پرانا قصہ یاد آ رہا ہے، جب ہماری ایک وزیراعظم کے ہاں دختر نیک اختر تولد ہوئی تھی۔ اور اس پر پشاور میں بھنگڑے اور مٹھائیاں چل رہی تھیں۔ چنانچہ وزیراعظم کے اس ''کامیاب'' دورے پر بھی ہماری زبان میں کھجلی ہونے ہی والی تھی کہ محافظ نے سرخ بورڈ لہرا دیا۔

چلو اچھا ہوا کام آ گئی یہ بزدلی اپنی
وگرنہ ہم زمانے بھر سے ''پٹوانے'' کہاں جاتے

یا لے جائے جاتے۔ وہ زمانے لد چکے جب کہیں مدتوں بعد کوئی ''لطیفہ'' چھوٹتا، اب تو شاید اخباروں کے ساتھ ساتھ وزیروں اور نئے ہماروں کو بھی ہدایت دی جا چکی کہ روز ایک ایک نیا لطیفہ چھوڑا کریں ورنہ پٹائی ہوگی، جب ہم ایک بات کرتے تھے اور دوسری ''دم'' ہلایا کرتی تھی کہ ہر ''دم'' پر ہمارا محافظ بورڈ لیے کھڑا ہے۔

لازم ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل
اور کبھی بھی اسے تنہا نہ چھوڑو رنہ

باقی ساری کہانیوں پر سرخ بورڈ لگا ہوا ہے لیکن ایک پرانی کہانی یاد آ گئی۔ بلکہ ساتھ ہی بغل میں پشتو کی کہاوت یاد پٹہ بھی ہے، پہلے ٹپہ سن لیجیے کہ

پرتوگ دے سوڑے سوڑے راوڑو
چہ ہر سوڑہ ئے گنڈم خندا راز ینہ

یعنی تم اپنی چھلنی چھلنی چادر (اصل میں ایک اور جامہ ہے) لے کر آ گئے اور میں ہر سوراخ کو سیتی ہوں تو ہنسی آتی ہے۔ کہانی یہ ہے کہ ایک شخص کہیں ڈاکہ ڈالنے گیا تو جاتے ہوئے بیوی سے بولا کہ اگر میں آتے وقت ''ہنستا'' ہوا نظر آیا تو تم اس فضول گھر کو آگ لگا دینا تاکہ کہیں اور جا بسیں۔ اتفاق سے وہ اس ڈاکے میں پکڑا گیا لوگوں نے اس کی مونچھیں مع ہونٹ کی کاٹ دیں یا اوپری ہونٹ نہ ہونے کی وجہ سے بیوی نے اسے دور سے دانت نکالے دیکھا تو گھر کو آگ لگا دی۔ اس کے بعد کیا ہوا پتہ نہیں چل سکا کیونکہ کتاب کا اگلا ورق بھی پھٹا ہوا ہے۔ اس لیے یہ بھی پتہ نہیں چل پایا کہ اس کہانی کا مطلب کیا ہے؟ یا کونا سا سبق اس سے حاصل ہوتا ہے۔

لیکن ضروری تو نہیں کہ ہر بات کا کوئی مطلب بھی ہو اور اس سے کوئی سبق بھی حاصل ہو۔ ویسے بھی باقی سارے لوگ مطلب کی باتیں تو کر ہی رہے ہیں اور اسباق و عبرتیں بھی پکڑ وا رہے ہیں، ایک ہماری بے مطلب ہو تو کیا فرق پڑے گا۔ لیکن جو مطلب اور سبق ہم حاصل کر چکے ہیں وہ بھی کم نہیں یعنی ڈرپوک ہونا بہت ہی تحفظانہ محافظانہ بلکہ ''تحفظاتانہ'' خوبی ہے۔ یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا۔

اکثر فلموں میں آپ نے ڈائیلاگ سنا ہوگا کہ ''ڈر'' بہت ہی قیمتی چیز ہے، اسے پالو سنبھالو اور اپنا لو۔ جو ڈر گیا وہ ''بھر'' گیا اور گھر گیا۔ انسان کے پاس ''ڈر'' نہیں تو کچھ بھی نہیں، جو ہوگا وہ بھی چلا جائے گا یہاں تک کہ جان بھی سلامت نہیں رہے گی، اس لیے انسان کو ہر وقت ہر چیز سے ڈرتے رہنا چاہیے۔

سیاسی پیشن گوئیاں

1970ء میں کاروبار کے سلسلے میں ہانگ کانگ جانے کا اتفاق ہوا۔ اُس زمانے میں ہانگ کانگ پر برطانیہ کا راج تھا۔ ہمارے ایک چینی کاروباری دوست اتوار کی چھٹی میں ہانگ کانگ گھمانے لے گئے۔ ہانگ کانگ ویسے تو مکمل سمندری علاقے پر مشتمل جزیرہ ہے مگر اس شہر میں ایک پہاڑی بھی ہے جس کو پیک (Peak) کہتے ہے۔ یہاں شہر سے پیدل اس پہاڑی پر چڑھا جاسکتا ہے، دوسرا راستہ پیک ٹرین سے جاسکتے ہیں یا پھر لہراتی سڑک کے راستے گاڑیوں سے بھی جایا جاسکتا ہے۔ اس پہاڑی پر چڑھنے کے بعد پورے ہانگ کانگ کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ جو خصوصاً رات کو تو بہت دلفریب منظر پیش کرتا ہے۔ ہم گاڑی سے اس پیک پر پہنچے، گاڑی پارکنگ لاٹ میں کھڑی کی اور پیدل چہل قدمی کرنے لگے۔ اس پہاڑی پر شاپنگ کی دوکانیں، ریسٹورنٹس اور نائٹیس Novalties بیچنے والوں کے ٹھیلے بھی تھے۔ ایک کونے کی پگڈنڈی پر اوپر چڑھیں تو ایک چینی جھونپڑا تھا۔ میرے میزبان نے بتایا اس جھونپڑے میں ایک 80 نوے سال کا سیاسی بوڑھا رہتا ہے۔ جو قسمت کا حال بتاتا ہے ہم بہ حیثیت مسلمان تو نہیں مانتے کیونکہ صرف خدا ہی غیب کا علم جانتا ہے۔ مگر نو جوانی میں کھلبلی ہوئی سو چا اس کو آزماتے ہیں۔ اُس جھونپڑے میں زمین پر تکوں کی چٹائی بچھی ہوئی تھی وہ بوڑھا بھی چینی طرز کی پیلی چادر جو عام طور پر سادھو پہنے ہوتے ہیں پہنا ہوا تھا۔ اتفاق سے اکیلا تھا ہم دونوں آلتی پالتی مار کر اُس کے اردگرد بیٹھ گئے۔ ہمارے چینی دوست نے ہاتھ جوڑ کر چینی میں کچھ کہا اُس نے ہاتھ کے اشارے سے جواب دیا اور پوچھا کیا پوچھنا ہے۔ چینی دوست نے مجھ سے انگریزی میں پوچھا کیا پوچھنا ہے میں نے آزمانے کے لئے 2 سوال کئے ایک میری قسمت میں کب سفر ہے چونکہ میں ایک ہفتے کے بعد تائیوان جانا چاہتا تھا اُن دنوں تائیوان کا ویزہ صرف

ہانگ کانگ سے پاکستانیوں کو ملتا تھا۔ ہم نے تائیوان کو سفارتی درجہ نہیں دیا ہوا تھا کیونکہ چائنا ہمارا دوست تھا اُس کے تائیوان سے تعلقات خراب تھے۔ میرا دوسرا سوال کہ اس سفر سے مجھے کوئی فائدہ ہوسکتا ہے؟ اُس چینی نے میرے ترجمان میزبان سے دونوں سوال سننے کے بعد ایک چھوٹے سے ڈبے سے تین چلمدار سونے جیسے سکے نکالے اور مجھے دیتے ہوئے کہا ان کو پھینکو میں نے سکے لئے اور اُس کے سامنے چٹائی پر پھینک دیئے۔ اُس نے بکھرے ہوئے سکے اُٹھائے کاغذ پنسل سنبھالی کچھ ہندسے لکھے کچھ چینی زبان میں کاغذ پر لکھا۔ چند منٹ تک بڑبڑاتا رہا پھر اُس نے میرے میزبان سے کہا ان کی قسمت میں چھ ماہ تک تو کوئی سفر سرے سے نہیں ہے اور چھ ماہ بعد کے سفر میں ان کا صرف ٹائم اور پیسہ برباد ہوگا۔ لہٰذا یہ سفر بھول جائیں تو بہتر ہے۔ میرے میزبان نے پوچھا اور کچھ پوچھنا ہے میں نے نفی میں جواب دیا اور پھر چلنے کو کہا میرے میزبان نے پاس رکھے ہوئے ڈبے میں کچھ سکے ڈالے اور مجھے باہر چلنے کا اشارہ کیا وہ بھی کچھ گھبرا گیا تھا۔ باہر نکلنے کے بعد میں نے پوچھا کہ یہ بوڑھا کس حد تک صحیح قسمت کا حال بتاتا ہے اُس نے کہا اس پہاڑی کے آبادی سے پہلے سے یہ بوڑھا کٹیا میں رہتا تھا اور لوگ دُور دُور سے اس سے قسمت کا حال پوچھنے آتے ہیں اور کبھی گھنٹوں لگ جاتے ہیں اس سے ملنے میں، آج ہماری خوش قسمتی اتوار کی وجہ سے یہ خالی مل گیا۔ باہر نکل کر اس نے پوچھا جواب کیسے تھے میں نے کہا ایک تو فی الحال غلط ہے میری جیب میں تائیوان روانگی کا ٹکٹ ہے جو صرف 4 دن بعد ہے یاد رہے تائیوان کا ٹکٹ ویزہ ملنے کے بعد ہی خریدا جاسکتا ہے۔ دوسرا مجھے نہیں معلوم میرا یہ پہلا دورہ ہے کیا ہوگا واپسی چونکہ ہانگ کانگ ائیرپورٹ سے ہے تو پھر بتاؤں گا اور پھر میں ٹھیک چوتھے دن تائیوان روانہ ہوگیا تو اس طرح پہلا ہی تجربہ پیشگوئی کا غلط ثابت ہوا ورنہ میں بھی یقین کرنے والوں میں شامل ہوجاتا۔ دوسرا تجربہ بھی بُری طرح فیل ہوا کیونکہ مجھے ایک بہت اچھی ڈیل مل گئی اُس میں میری توقع سے بھی زیادہ منافع ملا۔ اس طرح ہی کا ایک اور واقعہ آج سے 20 سال پہلے ہم ایک ہفتہ کی دو پہر ٹی وی پر چند بڑے بڑے نامور جوتشیوں کا تجزیہ دیکھ رہے تھے وہ بھارت کے کرکٹر ٹنڈولکر جب انہوں نے صرف 23 سنچریاں بنائیں تھی زخمی ہو کر کھیل سے باہر ہو چکے تھے اُن پر ان مختلف حسابوں سے بتلایا اب ٹنڈولکر واپس کھیل میں نہیں آسکتے اُن کا کیریئر ختم ہو چکا ہے یہ سب کا مشترکہ تجزیہ بطور علم نجوم سے تھا۔ پھر دنیا نے دیکھا ٹنڈولکر یوراج سنگھ کی طرح دوبارہ واپس آئے اور انہوں نے 51 ٹیسٹ سنچریاں 49 ون ڈے سنچریاں اور ٹیسٹ کے تمام ریکارڈ بنائے جنہیں ابھی تک کوئی نہیں توڑ سکا تو معلوم ہوا حساب کتاب علم نجوم کا ایک طرف اور قدرت کا نظام ایک طرف ہوتا ہے۔ لکھنے کا مقصد آئے دن ہمارے علم نجوم اور دیگر علوم سے پیشن گوئیاں ہوتی رہی ہیں۔ عمران خان کی وہ پیشن گوئی بھی غلط ثابت ہو چکی ہے جو الیکشن سے پہلے بہت سے مشہور جوتشیوں نے کی تھی کہ وہ کبھی اقتدار کی شیروانی نہیں پہن سکیں گی۔ پچھلے ہفتے یوٹیوب سے ایک بہت مشہور پاکستانی صاحب علم نجوم کا تجزیہ دیکھا انہوں نے پیشن گوئی کی ہے 2019ء کے الیکشن بھی آزاد حضروری ہے۔ مصدق انٹرلوپ کے مالک میں اپوزیشن متحد ہوکر اُن کے خلاف عدم اعتماد لاسکتی ہے۔ اور 2021ء میں اُن کی حکومت گھیراؤ جلاؤ دھرنوں کی بدولت جاسکتی ہے اور چلتے چلتے یہ بھی کہہ ڈالا۔ اگر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 11 پر

فیصل آباد لٹریری فیسٹیول

جمعہ سے شروع ہو کر ہفتے کی رات تک چلنے والا یہ لٹریری میلہ، کمال کا تھا۔ پتنگی، آرٹ، تہذیب اور رنگوں کا ایک نایاب نمونہ جو دیکھنے والے کی آنکھوں اور دل کو مسخر کر دیتا ہے۔ پانچ برس سے مسلسل منعقد ہونیو الا فیسٹیول حد درجہ منفرد اور خوبصورت تقریب تھی۔ بے حد کامیاب اور لوگوں کے شور پر دستک دینے والی آواز۔

سب سے پہلے تو اہلیان فیصل آباد کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ آرٹس کونسل کا ہال بھرپور طریقے سے بھرا ہوا تھا۔ ہر عمر اور ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین شانہ بشانہ براجمان تھے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ادبی شعور میں فیصل آباد کسی دوسرے شہر سے کمتر یا پیچھے ہے، اسے اس ادبی فیسٹیول کو ضرور دیکھنا چاہیے تھا۔ دعویٰ سے عرض کر سکتا ہوں کہ فیصل آباد کسی بھی لحاظ سے کسی بھی شہر سے شعور میں ہرگز ہرگز کمزور نہیں ہے۔ جس یکسوئی، محبت اور تمیز سے سامعین نے سب کو سنا، سوالات کیے، آنے والے مہمانوں کو عزت دی، اس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ فیصل آباد، ادب دوستی میں کسی سے پیچھے نہیں ہے۔ اسکو صرف ایک صنعتی شہر گردانا اس خطہ سے ناواقف ہونے کی علامت ہے۔

فیسٹیول کے وہ منتظمین جنہوں نے اس تقریب میں حد درجہ محنت کی، شب و روز ایک کیے، وسائل مہیا کیے، تمام مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جس اخلاص سے محض چند افراد مالی وسائل مہیا کرتے ہیں اور کرتے جا رہے ہیں، بذات خود ایک خوبصورت عمل ہے۔ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے بہرحال کم ہے۔ اس میں مصدق 2019ء والظہ نین کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ ان کی اہلیہ کی محنت اور دیگر چند کاروباری اداروں نے اس تقریب کو ہر سال کامیابی سے منعقد کرنے کا بیڑا اُٹھایا ہوا ہے، وہ جذبہ اَز حد خالص اور نادر ہے۔ اس بھرپور تقریب کو منعقد کرنے میں بہت سی خواتین نے اَز حد محنت کی ہے، اس میں میری اہلیہ، توشیبا، شیبا اور دیگر خواتین شامل ہیں۔ انتظامی لحاظ سے تو شیبا ہر بار کمال کرتی ہے۔ مہمانوں کے لیے تمام جزئیات کا میابی سے طے کرنا، ان کی خاطر تواضع کرنا، عزت سے فیصل آباد لانا اور پھر واپس بھجوانا، اس مشکل ترین انتظامی کام میں تو شیبا کمال مہارت حاصل کر چکی ہے۔ بالکل اسی طرح کیمز ڈگ کالج کے شعبہ اردو کی ہیڈ، محترمہ شیبا صاحبہ نے بھی بھرپور انداز سے اس میلہ کو اپنایا ہوا ہے۔

شیبا صاحبہ، میرے قریبی دوست اصغر ندیم سید کی اہلیہ ہیں۔ دیکھا جائے تو ان تمام اور چند خواتین جنکا نام نہیں

جانتا، تقریب کو حد درجہ کامیاب بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ عرض کرتا چلوں کہ فیصل آباد لٹریری فیسٹیول کا لاہور اور کراچی میں منعقد کردہ ادبی تقریبات سے موازنہ نہیں کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ آنیوالے مہمانوں کی اکثریت انھی بڑے شہروں میں رہتی ہے۔ لاہور اور کراچی میں ان معزز مہمانوں کا آنا، نسبتاً آسان ہے۔ مگر فیصل آباد فیسٹیول میں کمال بات یہ ہے کہ کراچی، اسلام آباد، لاہور اور دیگر تمام شہروں سے نہ صرف ادبی شخصیات بھرپور طریقے سے آتی ہیں، بلکہ فاصلہ بے معنی ہو جاتا ہے۔ یہ اس تقریب کی کامیابی کی ایک بہت بڑی دلیل ہے۔

جمعہ کی شام کو شروع ہونے والی افتتاحی تقریب میں شامل نہ ہو پایا۔ اس لیے کہ لاہور میں کچھ ذاتی مصروفیات تھیں۔ مگر ہفتہ والے دن دوپہر کو آرٹس کونسل پہنچا تو ہال تک رسائی کافی مشکل تھی۔ ہر طرف لوگ ہی لوگ تھے۔ علم دوستی کا یہ عالم تھا کہ ہال کے باہر، لوگ کرسیوں پر ٹی وی اسکرین پر بھی اندر ہونے والی تقریب کو بھرپور طریقے سے دیکھ رہے تھے۔ بڑی بڑی اسکرینوں پر ہال میں منعقد ہونے والی تقاریب، باہر بھی اسی طرح نشر ہو رہی تھیں۔ لوگ بڑے آرام و سکون سے بیٹھ کر ہر شخصیت سے ہونے والی بات چیت کو سن رہے تھے، محظوظ ہو رہے تھے۔ بہرحال اب اندر کا حال سنیے۔ جب میں پہنچا تو مدیحہ گوہر کی یاد میں دن کی دوسری یا تیسری تقریب ہو رہی تھی۔ ان کے شوہر، شاہد ندیم، بیٹی سویرا ندیم اور بیٹا ششیج پر بیٹھے ہوئے تھے۔

سوال و جواب کا سلسلہ جاری تھا۔ ندیم صاحب بتا رہے تھے کہ مدیحہ پوری زندگی کمزور طبقے کے حقوق کے لیے لڑتی رہی اور پسے ہوئے طبقے کے مسائل کو ڈرامہ کی شکل میں عوام کے سامنے پیش کرتی رہی۔ اجوکا تھیٹر کا ذکر رہا۔ پاک بھارت تعلقات کو انسانی سطح پر ایک دوسرے کے قریب کرنے کی جو کوشش اجوکا تھیٹر نے کی، وہ قابل ستائش ہے۔ مدیحہ گوہر کے صاحبزادے نے امن کے لیے جو کوششیں، ان کی والدہ مدیحہ نے کیں، انھیں بھرپور طریقے سے بیان کیا۔ انڈیا میں جب ان کی ایک تقریب میں بی جے پی کے چند شر پسندوں نے ہلڑ بازی کی۔ ان کو صرف یہ کہا گیا کہ آپ بیٹھ کر یہ ڈرامہ دیکھ لیں۔ اس کے بعد فیصلہ خود کر لیجئے کہ یہ امن کے بڑھاوا کے لیے ہے یا اس کے کوئی اور مقاصد ہیں۔ بی جے پی کے درجن بھر لوگ، تین گھنٹے بیٹھ کر ڈرامہ دیکھتے رہے۔

اختتام پر منتظمین کو مبارکباد دیکر خاموشی سے واپس چلے گئے۔ مدیحہ گوہر نے جس طرح ڈرامہ کے میڈیم کو امن کے لیے استعمال کیا، وہ اپنی مثال آپ ہے۔ خدا، انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ اس کے بعد انگریزی ناول، شاعری اور کہانیوں پر سیشن ہوا۔ حارث خلیق اور منا ملک اس کی روح رواں تھے۔ معلوم ہوا کہ نہ صرف اردو، بلکہ انگریزی میں بھی ہمارے لکھاری اور شاعر کسی سے کم نہیں ہیں۔ خوبصورت بات یہ بھی تھی کہ جس توجہ سے سامعین اردو زبان سے منسلک افراد کو سنکر تعریف کر رہے تھے، بالکل اسی توجہ سے انگریزی کو بھی پرکھ رہے تھے۔ حیرت انگیز بات تھی۔ میرے لیے کافی حد تک اجنبی بھی۔ کیونکہ اکثر گمان کیا جاتا ہے کہ ملک میں انگریزی سننے اور پڑھنے والے کم ہوتے جا رہے ہیں۔ مگر وہاں تو ماحول ہی کچھ اور تھا۔

کشور ناہید سے مکالمہ حد درجہ جاندار تھا۔ کشور ناہید بذات خود اپنے خیالات سے جڑی ہوئی ایک عظیم خاتون ہے۔ نحیف سی نظر آنے والی کشور ہرگز ہرگز کمزور نہیں ہے۔ ان مشکل معاملات پر بھی کھل کر بات کرنے کی جرات رکھتی ہے جو کہ اکثر تک کرتے ہوئے بڑے بڑے لوگوں کے پسینے نکل آتے ہیں۔ خواتین کے حقوق، ان کے ساتھ یکساں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 11 پر

کیا کرتارپور ہو جائے گا؟

یہ گاؤ؟ ں ویسا ہی ہے جیسے تھر کے دیگر گاؤ؟ ں۔ اگلو کی طرح کے پھونس سے بنے چونہروں پر مشتمل تین پاڑے۔ پھر سنگ میل نصب ہو گئے اور دو پاڑے بین الاقوامی سرحد کے دوسری جانب بفر زون سے پرے بھارت ہو گئے اور ایک پاڑا پاکستان ہو گیا۔ گاؤ؟ ں کا کنواں بفر زون کے بیچ!؟ گیا۔

گاؤ؟ ں کے ایک بزرگ نے بتایا کہ جب بس سنگ میل تھے تب کنواں بھی زندہ تھا۔ پھر بھارت نے اونچی دہری باڑ لگا دی اور واچ ٹاور نصب کر دیئے تو کنواں بھی بے گھر اور پھر خشک ہو گیا۔ باڑھ سے پہلے مویشی صبح چرتے چرتے بھارت چلے جاتے اور شام ہونے سے پہلے پاکستان!؟ جاتے۔

باڑھ لگنے سے پہلے ہمارا کوئی رشتے دار خوشی غمی میں شرکت کے لیے سامنے والے پاڑے میں سنگ میل کراس کر کے چلا جاتا تم دیکھ رہے ہو نا۔ ہمارے اور ان کے چونہروں کے درمیان چار پانچ سو فٹ کا فاصلہ ہے۔ اب ہم صرف ایک دوسرے کو ہاڑھ کے!؟ رپارد دیکھ کر ہاتھ ہلا دیتے ہیں یا زور سے بات کر کے حال احوال کر لیتے ہیں۔ جب ایک دوسرے کو پہچاننے والے اور ا؟ واز دے کر ہاتھ ہلانے والے ہم جیسے!؟ خری بوڑھے بھی اٹھ جائیں گے تو!؟ رپار صرف دو نسل رہ جائے گی جس نے ہوش سنبھالتے ہی صرف باڑھ ہی دیکھی۔ پھر واقعی یہ گاؤ؟ ں جنبیت کی دھند میں گم ہوتا ہوتا ہر معنوں میں انڈیا اور پاکستان ہو جائے گا۔

ابھی پچھلے سال ہی انڈین پاڑے میں رہنے والے میرے چچازاد بھائی کی موت ہو گئی۔ میں نے سوچا مرنے سے پہلے ایک بار تو ادھر جا کر افسوس کر لوں۔ مگر باڑھ کی وجہ سے یہ چار پانچ سو فٹ کا فاصلہ دس منٹ سے بڑھ کر سات دن اور ڈھائی ہزار کلومیٹر کا ہو گیا۔ پوچھو کیسے؟

میں اور میرا بیٹا یہاں سے گیا حیدرا؟ باد۔ وہاں سے ریل میں بیٹھ کر گیا اسلام؟ باد۔ ویزا ملا تو اسلام آ؟ باد سے ا؟ یا لاہور۔ لاہور سے بیٹھا دلی جانے والی سمجھوتہ ایکسپریس میں۔ دلی سے ٹرین میں بیٹھ کر پہنچا جودھ پور۔ وہاں سے میرے رشتے داروں نے مجھے لیا اور بس میں بیٹھ کر یہ جو سامنے پاڑہ نظر آ؟ رہا ہے اس سے چھ سات کلومیٹر دور اترے اور پھر وہاں سے موٹر سائیکلوں پر بجھے اور میرے بیٹے کو بٹھا کر یہاں لائے۔ وہ دیکھ رہے ہو نا چار چونہرے لائن سے۔ ان کے پیچھے کے دو چونہرے میرے چچازاد کے ہیں۔ یہ جو باڑہ کے اس طرف سامنے میدان نظر آ؟ رہا ہے اس کے کنارے تک میں اور میرا بیٹا ا؟ ئے اور ہم نے چیخ چیخ کر پاکستان والوں کو اطلاع دی کہ ہم خیریت سے بھارت پہنچ گئے ہیں۔

(مجھے اس گاؤ؟ ں میں اس بوڑھے نے مذکورہ

داستان فروری انیس سو اٹھانوے میں سنائی تھی۔ جانے اب زندہ بھی ہے کہ نہیں)۔

من موہن سنگھ کے دور میں دریائے نیلم کے ا؟ رپار کچھ عرصے کے لیے دونوں طرف کے کشمیری رشتے داروں کو اجازت تھی کہ وہ چیخ چیخ کر ایک دوسرے کی خیریت دریافت کر لیں۔ اب یہ کام دونوں جانب سے گرنے والے گولے کرتے ہیں۔ ایسی ملتی جلتی کہانیاں کہیں اور اگر ملتی ہیں تو شمالی وجنوبی کوریا کی سرحد پر۔

سب سے زیادہ ملٹرائزڈ باڈرز کی فہرست میں شمالی و جنوبی کوریا کی سرحدی حد بندی اور پاک بھارت سرحد علی الترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر ہیں۔ مگر شمالی و جنوبی کوریا کے چھتیس عرض البلد سرحدی خطِ متوازی کے مقابلے میں بھارت اور پاکستان واحد عالمی مثال ہیں جن کے درمیان کی لکیر کے تین الگ الگ نام ہیں۔ بین الاقوامی خطِ ورکنگ باد؟ ندری اور لائن ا؟ ف کنٹرول۔ اور اب چوتھی قسم بھی شاید ا؟ نے والی ہے۔ چند گز چوڑا ساڑھے چار کلومیٹر لمبا ویزا فری کرتار پور کاریڈور۔

میں طبعاً صحافی مگر میڈیا کا جلا ہوا ہوں لہٰذا اچھی خبروں کی چاچھو بھی پھونک پھونک کر پیتا ہوں۔ بارش زلزلے اور پاک بھارت تعلقات کے بارے میں کوئی پیش گوئی نہیں ہو سکتی۔ دونوں طرف کی قیادت مزاج کے جنگل کی بادشاہ ہے۔ جب چاہے انڈے دے نہ چاہے تو بچے دے یا جب چاہے بانجھ ہو جائے۔ بدگمانی باہمی تعلقات کا سکہ رائج الوقت اور خوش گمانی مزید بدگمانی کا سبب بن جاتی ہے۔ تہتر برس میں کئی بار لگا کہ برف پگھلنا شروع ہو گئی ہے اور پھر برف کی ایک اور تہہ جم گئی۔

سندھ طاس فارمولے کے تحت دریائی پانی کی تقسیم ایک تاریخی معاہدہ قرار پایا مگر پانچ ہی برس بعد جنگ ہو گئی اور اس کے چار ماہ بعد تاشقند کا تاریخی معاہدہ طے پا گیا اور اس کے چھ برس بعد پھر جنگ ہو گئی اور اس کے ایک برس بعد شملہ کا تاریخی معاہدہ قرار پایا گیا اور اس کے بارہ برس بعد سیاچن کا بحران پیدا ہو گیا اور اس کے ا؟ ٹھ برس بعد ممبئی میں لگاتار ایک ساتھ کئی بم پھٹ گئے اور اس کے چھ برس بعد ایٹمی دھماکے ہو گئے اور ان دھماکوں کے نو ماہ بعد واجپائی کی لاہور بس ڈپلومیسی ہو گئی اور فوراً بعد کارگل ہو گیا اور اس کے ڈیڑھ برس بعد آگرہ میں مشرف واجپائی ملاقات ہوئی اور پھر نائن الیون ہو گیا۔

اور پھر لوک سبھا پر حملہ ہو گیا اور دونوں ملکوں کی فوجیں سرحد پر سال بھر آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کھڑی رہیں اور اس کے بعد لائن آف کنٹرول پر کئی برس کا امن ہو گیا اور پھر ممبئی میں چھبیس گیارہ آٹھ ہو گیا اور پھر بھارت کو معمودی ہو گیا اور پھر مودی اچانک لاہور تشریف لائے اور اس کے دو ہفتے بعد پٹھانکوٹ ہو گیا۔ اور پھر بہ ان وانی شہید ہو گیا اور پھر اڑی چھاؤ؟ نی پر حملہ ہو گیا تو دونوں طرف سے سفارتی و ثقافتی بائیکاٹ ہو گیا۔ پھر کھٹمنڈو میں ہو گیا۔

ا؟ ج بھی کیا شاندار سما ہے۔ بھارت کھل کے کہتا ہے کشمیر میں تازہ ا؟ گ بھی پاکستان نے لگائی ہے، پاکستان کہتا ہے کراچی کے چینی قونصل خانے پر کالعدم بی ایل اے کے حملے کے لیے وسائل رانے مہیا کیے اور ماسٹر مائنڈ اسلم اچھو دلی میں بیٹھا ہے۔ مگر دونوں ممالک کرتار پور

بقیہ نمبر 2 صفحہ 11 پر

کرپشن اور رشوت میں فرق

رضا ربانی کا شمار سنجیدہ سیاستدانوں میں ہوتا ہے، صلح کل مزاج کے آدمی ہیں، اس لیے ان کے تعلقات ہر سیاستدان ہر جماعت سے خوشگوار ہیں۔ انھوں نے کہا ہے کہ معاشرے کا ہر فرد کرپٹ ہے، ان کی بات سو فیصد درست ہے لیکن وہ اگر یہ وضاحت کر دیتے کہ کرپشن معاشرے کا ناگزیر حصہ تو بن گئی ہے لیکن عام آدمی اور خاص آدمی کی کرپشن میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ عام آدمی اپنے بچوں کو بھوک سے بچانے اور اپنی چھوٹی چھوٹی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے رشوت لے لیتا ہے۔

غریب آدمی کی کرپشن اس کی بنیادی ضرورتیں پوری کرنے کے کام آتی ہے، اگر غریب آدمی کی آمدنی سے اس کی بنیادی ضرورتیں پوری ہو جاتی ہیں تو غریب آدمی کے لیے کرپشن کی ضرورت باقی نہیں رہتی لیکن ہم غریب آدمی کی کرپشن کے حوالے سے کتنی ہی حمایت کریں برائی برائی ہی رہتی ہے خواہ وہ غریب آدمی کرے یا امیر آدمی کرے، البتہ اس حقیقت کو واضح کرنا ضروری ہے کہ غریب آدمی کی کرپشن اور امیر آدمی کی کرپشن میں کیا فرق ہے؟

جیسا کہ ہم نے وضاحت کر دی ہے غریب آدمی کی کرپشن اس کی بنیادی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے ہوتی ہے، مثلاً ایک غریب آدمی کی آمدنی یعنی تنخواہ یا اجرت اتنی نہیں ہوتی کہ اس کی بنیادی ضرورتیں پوری کر سکے تو وہ اگر موقع ملے تو چھوٹی سی کرپشن کا ارتکاب کر کے اپنی بنیادی ضروریات پوری کر لیتا ہے، اسے ہم کرپشن کا نام نہیں دے سکتے کیونکہ یہ کرپشن معاشی ناانصافی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اس کرپشن کو غریب آدمی کی جائز ضرورتیں جائز طریقوں سے پورا کر کے ختم کیا جاسکتا ہے۔

ایسے غریب آدمی اگر بنیادی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے کسی تھوڑی سی کرپشن کا ارتکاب کرتے ہیں تو ایسی کرپشن دولت کے ارتکاز کا ذریعہ نہیں ب

www.pakistanpost.net

چینی قونصلیٹ پر حملہ اور 26 نومبر کی خونی یادیں

دہشت گردی اور خوف وہراس کی نئی لہریں پھر پھیر ا?ئی ہیں۔ افغانستان کو اس کا مرکز (Epicentre) کہا جا سکتا ہے۔ پچھلے ماہ، 19 اکتوبر کو افغانستان کے صوبہ قندھار میں اچانک ایک حملہ ہُوا جس میں گورنر زلے وپا، صوبائی پولیس چیف جنرل عبدالرازق، صوبائی انٹیلی جنس انچارج عبدالمومن اور تین سی ا?ئی اے اہلکار مارے گئے۔ افغان طالبان کی طرف سے کیے گئے اس مہلک حملے کے تقریباً سات دن بعد اسلام ا?باد سے نہیر پختونخوا کے ایس پی طاہر داوڑ کو دن دیہاڑے اغوا کیا گیا اور افغانستان لے جا کر نہائت بیدردی اور شقاوتِ قلبی سے شہید کر دیا گیا۔

افغان حکام نے اس شہادت پر پاکستان کے ساتھ جو کھیل کھیلا، اس نے پاکستانیوں کے دلوں پر گہرا زخم لگایا ہے۔ ابھی اس شہادت کی بازگشت تھمی نہیں تھی کہ 19 نومبر کو امرتسر میں ایک مذہبی تقریب پر مبینہ طور پر خالصتانیوں نے ہینڈ گرنیڈ پھینکا۔ اس میں تین افراد مارے گئے۔ بھارتی پنجاب کے وزیراعلیٰ، کیپٹن امریندر سنگھ، نے ا?و? دیکھا نہ تاو?، اپنے گریبان میں جھانکے بغیر تڑت پاکستان پر الزام لگا دیا۔ پاکستان نے سختی سے اس بیہودہ الزام کو مسترد کر دیا۔ اس حملے کے دوسرے ہی دن، 20 نومبر 2018ء کو کابل میں کسی بدبخت خودکش حملہ ا?ور نے عین اُس وقت خود کو مجمع میں پھاڑ ڈالا جب سیکڑوں مسلمان میلاد شریف کی ایک پاکیزہ تقریب میں شریک تھے۔

تقریباً 55 بیگناہ جھینٹ چڑھ گئے۔ اس سانحہ کے تین دن بعد، 23 نومبر کو کراچی میں تین دہشت گردوں نے چینی قونصلیٹ پر صبح ہی صبح حملہ کر دیا۔ ہماری جانباز پولیس کے جوانوں نے اپنی جانوں کا بے دریغ نذرانہ پیش کر کے چینی قونصلیٹ اور اُس کے سبھی اہلکاروں کو نہ صرف محفوظ رکھا بلکہ حملہ ا?وروں کو بھی اُڑا کر رکھ دیا۔ پاک چین دوستی جس معراج کی جانب گامزن ہے اور ''سی پیک'' منصوبے جس تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کر رہے ہیں، یہ مناظر ہمارے دشمنوں کو ہضم نہیں ہو رہے ہیں؛ چنانچہ بخوبی دیکھا جا سکتا ہے کہ چینی قونصلیٹ پر حملہ کرنے والے اور اُن کے منصوبہ ساز کون ہو سکتے ہیں؟ امریکا اور بھارت تو بیک زبان ''سی پیک'' اور پاک چین قربتوں کے خلاف زبان درازیاں کرتے دیکھے اور سُنے جا سکتے ہیں۔

بلوچستان میں گوادر کی عظیم بندرگاہ بھی پاکستان دشمن طاقتوں کی ا? نکھ میں کانٹا بن گئی ہے۔ یوں حملہ ا?وروں کی شناخت مبہم نہیں رہ جاتی۔ دہشت گرد قوتیں پاکستان کو چرکے لگانے سے باز نہیں ا? رہیں۔ جس صبح کراچی میں چینی قونصلیٹ پر حملہ کیا گیا، اُسی دوپہر ہمارے قبائلی علاقے، ہنگو، میں دشمن نے بم دھماکا کر دیا۔ تین درجن سے زائد بے گناہ پاکستانی شہید کر دیے گئے۔ افغانستان میں بھارتی اور امریکی خفیہ اداروں نے جس دہشت سے پنجے گاڑ رکھے ہیں، پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے کارن ان پنجوں سے خون رِس رہا ہے۔ اِنہی سانحات کے



درمیان امریکی صدر نے بھی پاکستان کے خلاف دریدہ دہنی کی ہے۔ گلبھوشن یادیو کی پاکستان دشمن باقیات بھی ابھی تک رنگ دکھا رہی ہیں۔ مذکورہ بالا تمام تازہ ترین سانحات کو ایک ترتیب میں رکھ کر تجزیہ کیا جائے تو ہمارے دشمن کا بھیانک چہرہ صاف دیکھا جا سکتا ہے۔

تقریباً ایک ہفتہ قبل امرتسر میں مبینہ طور پر خالصتانی نوجوانوں نے ہینڈ گرنیڈ سے جو حملہ کیا تھا، عین ممکن ہے بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیوں کی یہ اپنی ہی کارروائی ہو۔ دس سال پہلے 26 نومبر کو ممبئی ہوٹل پر جو مشہور حملہ ہُوا تھا اور جس میں تقریباً 170 افراد مارے گئے تھے، یہ بھی دراصل بھارتی ''را'' کی خونی واردات تھی لیکن بھارت نے شور مچا کر اس کا ملبہ پاکستان پر ڈالنے کی ناکام کوشش کی تھی۔ پچھلے ایک عشرے کے دوران مغربی دُنیا میں کئی ایسی کتابیں بھی لکھی گئی ہیں جن میں حقائق اور اعداد وشمار سے ثابت کیا گیا ہے کہ 26 نومبر کا خونی ممبئی حملہ بھارتی انٹیلی جنس (را) اور انڈین اسٹیبلشمنٹ ہی کا کھیل تھا۔

مثال کے طور پر ایلیاس ڈیوڈسن کی The India of Betrayal نامی عالمی شہرت یافتہ کتاب۔ اسی طرح امریکی محقق Kevin Beretteto نے بھی لکھا ہے کہ ممبئی حملہ بھارتی خفیہ اداروں کی کارستانی تھی اور اِس میں امریکی اور اسرائیلی انٹیلی جنس ایجنسیاں بھی اپنے اپنے مقاصد کے لیے ملوث تھیں۔ بھارت نے ممبئی حملے کے ایک مبینہ مرکزی کردار، اجمل قصاب، کو بھارتی ''پونے'' جیل میں چھ سال پہلے پھانسی بھی دے دی تھی۔ بھارت اب تک اصرار کرتا رہا ہے کہ اس حملے میں پاکستان کا ہاتھ تھا اور یہ کہ اجمل قصاب پاکستانی تھا لیکن اب تو خود بھارت سے شہادتیں ا?نے لگی ہیں کہ اجمل قصاب دراصل بھارتی شہری ہی تھا۔ مثال کے طور پر 22 نومبر 2018ء کو کئی معروف بھارتی اخباروں نے خبر نمایاں طور پر شایع کی ہے کہ اجمل قصاب بھارتی صوبے اُتر پردیش کی تحصیل ''پدھونہ'' کا رہائشی تھا۔ اُس کے والد کا نام محمد عامر اور والدہ کا نام ممتاز بیگم ہے۔ اجمل قصاب کو اسی ولدیت کے ساتھ مذکورہ تحصیل کی طرف سے تصدیق شدہ دو ڈومیسائل بھی جاری کیا گیا تھا۔ اس دو ڈومیسائل کا رجسٹریشن نمبر بھی بھارتی اخبارات نے شایع کر دیا ہے۔

26 نومبر کی ا?مد کے ساتھ ہی جہاں ممبئی حملے کے نام سے پاکستان کے خلاف بھارتی تانے بانے یاد ا? جاتے ہیں، وہیں 26 نومبر کو سالہ حملے کی خونی یادیں بھی دل کو ملول اور اداس کر جاتی ہیں۔ سالہ کا علاقہ مہمند ایجنسی میں واقعہ ہے۔ اس کے سامنے ہی سرحد پار افغان صوبہ ''کُنر'' ہے۔ سالہ میں پاک فوج کی دو چوکیاں بروئے کار تھیں اور یہاں افواجِ پاکستان کے 40 جوان اور افسر تعینات تھے۔ افغانستان میں متعین امریکی فوج کے ایک جنگی ہیلی کاپٹر اور ایک جیٹ طیارے نے (پاکستان کی طرف سے بغیر کسی اشتعال انگیز کارروائی کے) 26 نومبر کی صبح سحری کے وقت سالہ کی دونوں پاکستانی چیک پوسٹوں پر اچانک حملہ کر دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ہمارے 25 جوان و افسر شہید اور 13 شدید زخمی ہو گئے۔

دو چار ہی فوجی سلامت بچے تھے۔ یہ خونی حملہ اس قدر افسوسناک تھا کہ افواجِ پاکستان سمیت سارا ملک سوگ اور طیش کی فضا میں لپٹ گیا۔ امریکی ظلم و دھوکا دیکھئے کہ یہ حملہ اُس وقت کیا گیا جب (اُس وقت کے) آرمی چیف، جنرل اشفاق پرویز کیانی، نے صرف دو روز قبل ہی افغانستان میں امریکی قیادت میں اتحادی افواج کے سربراہ، جنرل جان ایلن، سے تفصیلی ملاقات کی تھی کہ دہشت گردوں کا راستہ کیسے روکنا ہے۔ امریکا نے فرخ دو ہی پاکستان کیخلاف دہشت گردی کر ڈالی۔ امریکا نے یہ جھوٹ بول کر جان چھڑانا چاہی کہ یہ حملہ ''غلطی'' سے ہُوا ہے۔

پاکستان نے ردِعمل میں نیٹو افواج کے لیے سپلائی کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 11 پر

طیہ بتی والے چوک

ا?ج کے جدید اور ترقی یافتہ دور میں بھی پاکستان کی ترقی عوام کے لیے ایک خواب کی مانند ہی ہے۔ ایک خبر نظر سے گزری ہے کہ جنوبی پنجاب کے اہم ترین ڈویژن ڈیرہ غازیخان میں کسی ایک سڑک پر بھی سگنل نہیں ہے یعنی ڈویژن کے اضلاع مظفر گڑھ، لیہ، راجن پور اور ڈیرہ غازیخان میں کسی بھی سڑک کو سگنل یعنی راستے کے اشارے نصیب نہیں ہو سکے جس کی وجہ سے عوام کو ٹریفک کی مشکلات کا شدید سامنا رہتا ہے اور خاص طور پر رش کے اس وقت تک ٹریفک بند رہتی ہے۔ اوقات میں تو ٹریفک بند ہی رہتی ہے۔

یہ ہے وہ جنوبی پنجاب جس کا رونا ہر حکمران نے رویا

لیکن اس کے مسائل کے حل کے لیے کیا کچھ بھی نہیں حالانکہ سابق صدر فاروق لغاری مرحوم کے علاوہ سابق گمران وزیراعظم میر بلخ شیر مزاری سے لے کر یوسف رضا گیلانی تک جنوبی پنجاب سے تعلق رکھنے والے کسی بھی ا?مران 20 برسوں میں کسی علاقے کی محرومیاں دور کرنے کے لیے ذرا برابر بھی کام نہیں کیا بلکہ جنوبی پنجاب کی محرومیوں کے نام پر اپنی سیاست چمکانے کو ہی ترجیح دی۔

عرض کرنے کا مقصد ہے کہ سیاست اور عوام کا چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے لیکن ہمارے سیاست دان عوام کی چولی تب تک ہی پکڑنے کو تیار رہتے ہیں جب تک وہ اقتدار کے اعلیٰ ایوانوں تک نہیں پہنچ جاتے اور ان کے دامن عوام کی پہنچ سے دور نہیں ہو جاتے۔ عوام بے چارے تو دامن کیا پکڑیں گے وہ تو گزشتہ ستر برسوں کی محرومیوں کا شکار ہیں اور اب شاید انھوں نے ان محرومیوں کو قبول کرتے ہوئے انھیں اپنی زندگی کا لازمی جزو تصور کر لیا ہے۔ کیونکہ وہ یہ دیکھ چکے ہیں کہ ان کے اپنے نمائندے ہی ان کے لیے کچھ بھی نہیں کرتے لہٰذا وہ اپنی محرومیوں کو اپنا مقدر مان چکے ہیں۔

پنجاب کے موجودہ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کا تعلق بھی جنوبی پنجاب سے ہی ہے اور ان کی تقرری کے وقت ان کی سب سے بڑی خوبی یہ بتائی گئی تھی کہ ان کے گاؤں میں ابھی تک بجلی نہیں ہے حالانکہ ان کے والد گرامی ان سے بھی پہلے اسمبلی کے ممبر رہ چکے ہیں اور خود عثمان بزدار صاحب بھی مقامی حکومتوں کا حصہ رہے ہیں۔ میں تو یہ سمجھوں گا کہ یہ ان کی نالائقی ہی ہے کہ وہ اپنے گاؤں میں بھی بجلی جیسی بنیادی عوامی سہولت فراہم کرنے میں ناکام رہے اور اب تو ان کے ذمہ داریاں اور زیادہ ہو گئی ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے صوبے کے کروڑوں پاکستانی ان کے رحم وکرم پر ہیں۔

مجھے یاد پڑتا ہے کہ لاہور میں سب سے پہلے جس شاہراہ کے چوک پر ٹریفک سگنل کا نظام لگایا گیا، وہ چوک بتی چوک اس چوک کا نام بتی چوک کیسے پڑا، اس کا علم نہیں ہے بتیاں پورے شہر میں پھیل گئیں۔ میرے پرانے ضلع سرگودھا میں بھی ایک چوک میں ٹریفک سگنل لگا تو اس چوک کا نام بھی بتی چوک ہی پڑ گیا۔ بعد میں یہ سے بچانا جاتا ہے اسی طرح پاکستان کے ہر ضلع خصوصاً ضلع سرگودھا میں صرف ایک ہی بڑی شاہراہ پر ایک چوک کو بھی یہ اعزاز حاصل ہوا تھا لیکن جب تک عوام کو اس کی تیکھی ترچھی، پیلی اور سبز بتیاں سمجھ نہ آ گئیں اور اب دوبارہ عوام اپنی مرضی سے اس چوک کو عبور کرتے ہیں۔

اگر کوئی بھولا بھٹکا غلطی کر جائے تو ٹریفک پولیس کے اہلکار اس کے گوشمالی کے ہر وقت موجود ہوتے ہیں۔ اب تو یہ عالم ہے کہ میں نے ایک دن ڈرائیور سے کہا کہ سڑک پر کسی بھی طرف سے کوئی گاڑی نہیں ا? رہی تو تم چوک کراس کیوں نہیں کر رہے اس نے میری توجہ سامنے لگے کیمروں کی طرف دلاتے ہوئے کہا کہ ا?پ کیمرے دیکھ رہے ہیں اور میں اگر اشارے کی خلاف ورزی کروں گا تو کیمرہ تصویر اتار لے گا اور چالان گھر پر وصول ہو جائے گا جس کی ادائیگی ا?پ کو کرنی ہو گی۔

میں حیرت زدہ رہ گیا کہ اس سے پہلے یورپی ممالک میں تو اس طرح کا طریقہ کار سن اور دیکھ رکھا تھا لیکن اب اپنے ملک میں بھی اس سے واسطہ پڑ گیا ہے۔ اب ا?پ کو لاہور میں ہر چوک میں لوگ اطمینان سے اپنی گاڑیوں میں بیٹھے نظر ا? ئیں گے کسی کو جلدی نہیں ہو گی کیونکہ انسان سے زیادہ ان دیکھے کیمروں کا خوف ہر ایک کو ہے۔ اگر یہی خوف خوف خدا میں بھی بدل جائے تو انسان کی زندگی ہی بدل جائے لیکن ہم اپنے مالک حقیقی کے خوف سے لاپروا ہو کر زندگی گزارتے ہیں اور ہر غلط کام کر جاتے ہیں یہ جانتے ہوجتے ہوئے بھی کہ وہ دیکھ رہا ہے لیکن ہم اس سے ڈرتے نہیں اور اپنی مرضی کر جاتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہمیں ہر وقت دیکھ رہی ہوتی ہے، بالکل ایسے ہی جیسے لاہور میں ٹریفک کے لیے کیمرے لگ گئے ہیں اور غلطیوں پر چالان بھیج رہے ہیں۔

ایسے ہی اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات کے کیمرے تو ہر وقت ہمارے اعمال کو شمار کرتے رہتے ہیں لیکن وہ بڑا غفور و رحیم ہے اور توبہ کا دروازہ ہر وقت کھلا رکھتا ہے بشرطیکہ کوئی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 11 پر

حسبِ حال

سلمان اطہر۔ مسی ساگا، کینیڈا

یہ نیلے پیلے عماموں کی سربراہی میں
تمام رنگ برنگے خطاب بند کرو
اگر ہے دین کی خدمت کا شوق ایسا ہی
صدا نعرۂ انسانیّت بلند کرو

فہمیدہ ریاض بھلی چلی گئیں

میں نے فہمیدہ ریاض کو پہلی بار کیفرک ہال صدر کراچی میں دیکھا تھا۔ یہ 1967 تھا، جنرل ایوب تخت نشین تھے، جنرل کے خلاف عوامی احتجاج میں خاصی شدت آ چکی تھی۔ اس روز بھی کیفرک ہال صدر میں حکومت کے خلاف ایک جلسہ ہونے جا رہا تھا، مگر حکمرانوں نے ہال کے سارے دروازوں پر تالے ڈالے ہوئے تھے، لوگ بڑی تعداد میں جمع تھے۔

فہمیدہ ریاض اور غالباً احمد فراز بھی ہال کی سیڑھیوں پر بیٹھے ہوئے تھے، فہمیدہ ریاض سگریٹ پی رہی تھیں۔ سگریٹ پیتے کم لوگ ہی اچھے لگتے ہیں۔ فہمیدہ بھی اچھی لگتی تھیں۔ خیر عوامی دباؤ زیادہ بڑھا، ہال کے باہر جمع لوگ احتجاج پر اتر آئے، حکومت کے خلاف نعرے لگ رہے تھے ''لاٹھی گولی کی سرکار، نہیں چلے گی، نہیں چلے گی'' اور بھی نعرے تھے۔ آخر مقامی انتظامیہ کو کیفرک ہال کے دروازے کھولنا پڑ گئے اور جلسہ شروع ہو گیا۔

اسٹیج پر فہمیدہ، فراز کے ساتھ جالب بھی موجود تھے۔ یہ جلسہ نیشنل اسٹوڈنٹ فیڈریشن (NSF) کے تحت ہو رہا تھا۔ امیر حیدر کاظمی صدر NSF صدرِ جلسہ تھے۔ فہمیدہ ریاض خصوصاً طلبا میں بہت مقبول تھیں، اس روز بھی طلبا نے فہمیدہ کو خوب سنا۔ فہمیدہ ''مردانہ وار'' اپنی نظمیں سنا رہی تھیں۔

فہمیدہ کو دوسری بار میں نے اپنے گھر میں دیکھا، میں محکمہ انکم ٹیکس میں کلرک تھا اور سرکاری کوارٹر میں رہتا تھا۔ یہ کلیٹن کوارٹرز تھے۔ جالب بھائی لاہور سے کراچی آئے ہوئے تھے اور میرے گھر میں مقیم تھے۔ دن کے گیارہ بارہ بجے کا وقت کہ فہمیدہ آ گئیں۔ اپنے پسندیدہ لباس ساڑھی پہنے ہوئے تھیں، یہ 1974 کی بات ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو حکمران تھے، مشرقی پاکستان ہم کھو چکے تھے اور حکمران بلوچستان کے پیچھے پڑے ہوئے تھے۔

نیشنل عوامی پارٹی ہمیشہ کی طرح بھٹو کی حکومت کے بھی زیرِ عتاب تھی۔ ایک اور طویل رات کا سفر سامنے نظر آ رہا تھا۔ قید و بند، عقوبت خانے، انسان دوست، عوام دوست ذہن رکھنے والوں کے سامنے تھے۔ ان حالات میں ون ٹو ون ملاقات ہو رہی تھی۔ ایسبسٹوس کی چادروں والی چھت کے کوارٹر میں حبیب جالب اور فہمیدہ ریاض بات چیت کر رہے تھے۔ یہ ملاقات تقریباً دو گھنٹے جاری رہی۔ اس دوران میں نے دونوں شاعروں کو دو مرتبہ چائے بنا کر پیش کی۔

ملکی حالات پھر گمبھیر ہوتے جا رہے تھے۔ عوام نے جس چاہ میں پیار، عشق، محبت کے آسمانوں کو چھو لیا مگر خواب ٹھہر رہے تھے۔ رات کا فاصلہ طویل ہوتا نظر آ رہا تھا۔ میرے خیال میں اس روز فہمیدہ اور جالب انھی گمبھیر باتیں کر ڈالیں کہ لوگ جس کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، مگر حالات اور طویل رات کے بارے میں گفتگو کر رہے ہوں گے اور پھر فہمیدہ ریاض کے ہر پروگرام میں شرکت کرنا میرا وظیرہ بن گیا۔ وہ جہاں جہاں جاتیں میں وہاں وہاں پہنچنے کی کوشش کرتا۔ فہمیدہ ریاض لاکھوں کی محبوب شاعرہ تھیں۔ میں بھی انھی لاکھوں میں شامل تھا اور ہوں۔

جالب صاحب نے فہمیدہ ریاض کو اپنی ہم عصر شاعرات میں ممتاز قرار دیا، وہ فہمیدہ کے فکر و نظر کے

سعید پرویز

بہت قائل تھے۔ فہمیدہ بھی جالب صاحب سے بے شمار عقیدت رکھتی تھیں اور اپنی محبت وعقیدت کا اظہار انھوں نے جالب صاحب کی حیات میں ہی دو نظمیں لکھ کر کیا۔ جالب صاحب کے اعزاز میں ہونے والے جلسوں میں انھوں نے یہ نظمیں بار بار پڑھیں۔ ایک نظم کے تین اشعار نقل کرتا ہوں:

تاریخ کبھی ہم سے جو مانگے گی حساب
ہم پیش کریں گے ترے نعموں کی کتاب
کیا بخت سیہ اپنا وطن لایا تھا
کس طور گزارے ہیں مسلسل یہ عذاب
تاریخ نے خلقت کو تو قاتل ہی دیے
خلقت نے دیا ہے اسے جالب سا جواب

فہمیدہ ریاض اپنی شاعری کی صورت رہ جانے والی شاعرہ ہے۔ ہر بڑے شاعر کی طرح یہ اپنے عہد کی اور آنے والے زمانوں کی بھی شاعرہ ہے۔ اس نے بہت پہلے وہ باتیں کر ڈالیں کہ لوگ جس کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس کا کہا لوگوں کے دلوں کی آواز بن چکا ہے اور ابھی تو کچھ بھی نہیں ہوا۔ آنے والا زمانہ فہمیدہ کی فکر و نظر کا زمانہ ہو گا۔

فہمیدہ ریاض نے صرف شاعری ہی نہیں کی وہ میدان، سڑکوں پر، گلیوں میں رستوں میں بھی نکلی ہے۔ جلسے جلوسوں اور احتجاجی ریلیوں میں نعرہ زن نظر آئی ہے۔ وہ ہر ایک لمحہ متحرک انسان تھی۔ موت کی آخری ہچکی تک وہ کام کرتی رہی۔ ایسے ہی لوگ دلوں میں، تاریخ میں زندہ رہتے ہیں۔

دھن بھاگ لاہور کے، کہ اسے فہمیدہ بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مل گئی، مغلِ اعظم کے ''انکاری'' شاہ حسین کے لاہور میں فیض جالب استاد دامن کے بعد فہمیدہ ریاض بھی لاہور کی مٹی کے سپرد ہوئی۔ یہ فیصلے بھی عجیب ہوتے ہیں، تمام زندگی کراچی میں گزار کر کراچی کی سڑکوں، رستوں، گلیوں میں اپنے رنگ بھر کر فہمیدہ لاہور میں جا سوئی۔ اب ابدتک شاہ حسین کے جھنڈے تلے فیض، جالب، دامن کے ساتھ فہمیدہ کے صبح شام گزریں گے۔ راتیں، برساتیں، بہاریں، پت جھڑ بتیں گے۔

یہ بڑے لوگ یوں بھی عجیب ہوتے ہیں۔ میں جب بھی فہمیدہ ریاض کو دیکھتا تھا تو مجھے امرتا پریتم یاد آ جاتی تھیں۔ دونوں کی صورتیں بھی ان کی فکر کے مطابق ایک جیسی ہیں۔ امرتا بھی آزادی انسان کی پرچارک اور فہمیدہ بھی۔

چلو جاؤ فہمیدہ! جاؤ! وہاں جہاں تم اب ہو، اپنے اپنوں کے ساتھ خوش رہو، شاد رہو آباد رہو تم نے خلقت کو پیار دیا۔ خلقت تمہیں بھی پیار کے ساتھ ہمیشہ یاد رکھے گی۔ آمین! فہمیدہ کو دہرائیں ''سنگ دل رواجوں کی/ یہ عمارت کہنہ/ اپنے آپ پر نادم/ اپنے بوجھ سے لرزاں/ جس کا ذرہ ذرہ ہے/ خود شکستگی ساماں/ سب خمیدہ دیواریں/ سب جھکی ہوئی کڑیاں/ سنگدل رواجوں کے/ خستہ حال زنداں میں/ اک صدائے مستانہ/ ایک رقصِ رندانہ/ یہ عمارت کہنہ ٹوٹ بھی تو سکتی ہے/ یہ اسیر شہزادی چھوٹ بھی تو سکتی ہے۔

برصغیر میں مسلم ریاست کا قیام

مسلمانوں کی الگ ریاست کے قیام کا نظریہ پہلی بار واضح طور پر علامہ اقبال ؟ نے پیش کیا۔ انھوں نے 1930 میں مسلم لیگ کے ''اجلاس الٰہ آباد'' میں ''خطبہ صدارت'' پڑھتے ہوئے فرمایا ''میرے خیال میں پنجاب، شمال مغربی سرحد صوبہ، سندھ اور بلوچستان ملا کر ایک ریاست بنا دیا جائے جسے خود اختیاری حاصل ہو۔''

پاکستان کا لفظ پہلی دفعہ ایک پمفلٹ میں استعمال کیا گیا جو کہ چوہدری رحمت علی نے 1933 میں کیمبرج سے شایع کیا۔ مسلم لیگ کی مجلس عاملہ نے 1939 میں اپنے ''اجلاس میرٹھ'' کے دوران کمیٹی اس غرض سے مقرر کی کہ وہ مختلف آئینی تجاویز پر غور کرے۔ اس کمیٹی کے صدر قائد اعظم محمد علی جناح ؟ تھے۔ کمیٹی نے متعدد تجاویز اور منصوبوں پر غور کیا۔ بالآخر 23 مارچ 1940 کے ''اجلاس لاہور'' میں وہ مشہور و معروف قرار داد منظور ہوئی جسے ''قرارداد لاہور کا نام دیا جاتا ہے۔

جب دوسری جنگ عظیم کا آغاز ہوا تو کانگریس نے اس موقعے سے فائدہ اٹھانا چاہا، مطالبہ کیا کہ ملک کو آزادی کا فوری اعلان کر دیا جائے۔ اس وقت مسلم لیگ اس قدر طاقتور ہو چکی تھی کہ اسے کسی صورت میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ وائسرائے ہند نے 8 اگست 1940 کو صاف الفاظ میں اعلان کیا کہ برصغیر کی فلاح اور سلامتی کا تقاضا یہ ہے کہ کسی ایسی جماعت کو حکومت نہ سونپی جائے جسے ملکی آبادی کے اہم عناصر کی نمایندگی حاصل ہو۔

اس اعلان سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مسلم لیگ کی اہمیت اب مسلمہ حقیقت بن چکی تھی۔ کانگریس ملک کی واحد نمایندہ جماعت نہیں رہی تھی۔ جنگ عظیم دوئم کے ابتدائی مراحل میں برطانیہ کی حالت دن بدن نازک ہوتی چلی گئی یہاں تک یہ جاپانی فوجیں ''رنگون'' پر قابض ہو کر برصغیر کے دروازے پر آ کھڑی ہوئیں۔ 1942 میں سر سٹیفورڈ کرپس کو چند تجاویز کے ساتھ برطانیہ سے برصغیر بھیجا گیا۔

کرپس برصغیر میں تمام سیاسی جماعتوں کے نمایندوں سے ملا، ان کی رائے لی۔ بعد ازاں برٹش راج نے اعلان کیا وائسرائے کی انتظامیہ کونسل تمام برصغیر کے اراکین پر مشتمل ہو اور اس میں ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کے نمایندے ہوں۔ البتہ ملکی دفاع کا شعبہ برطانیہ کے ہاتھ میں رہے۔ کانگریس کو ان تجاویز سے کئی لحاظ سے اختلاف تھا۔ مہاتما گاندھی جی نے ان تجاویز کے متعلق کہا ''یہ ایک بعد کی تاریخ کا چیک ہے اور ایسے بینک کے نام ہے جو دیوالیہ ہو رہا ہے'' تاہم برصغیر میں کرپس کے طویل قیام کے باوجود بات چیت کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکی۔

سر سٹیفورڈ کرپس کی واپسی پر مہاتما گاندھی جی نے حکومت کے خلاف پر زور تحریک کا منصوبہ بنایا۔ 7 اگست 1942 کو کانگریس کے اجلاس میں ''ہندوستان چھوڑ دو'' کی قرارداد منظور ہوئی، گاندھی جی کو اس مہم کا قائد مقرر کیا گیا۔ اسی رات کو کانگریس کی تمام لیڈرز گرفتار کر لیے گئے اور اس جماعت کو خلاف قانون قرار دیا گیا۔ ملک میں بغاوت پھیل گئی۔ ریل کی پٹڑیاں اکھاڑ دی گئیں۔ تارکاٹ دیے گئے اور سرکاری عمارات کو نذر آتش کیا گیا۔ تاہم فوج نے اس لاقانونیت پر قابو پا لیا۔

قائد اعظم محمد علی جناح نے بعد میں اس قرارداد پر تبصرہ

ایم قادر خان



کرتے ہوئے کہا کہ ''اس سے کانگریس کا مقصد یہ تھا کہ اس وقت جب کہ جنگ عظیم دوئم ایک نازک مرحلے میں داخل ہو چکی تھی۔ حکومت پر دباؤ ڈال کر مجبور کر دیا جائے کہ وہ اقتدار کانگریس کے سپرد کرے اور مسلمانوں کے مطالبات طاق نسیاں کی نذر ہو جائیں۔ 1944 میں گاندھی جی جیل سے رہا ہوئے۔

اسی سال ستمبر میں راج گوپال اچاریہ کی کوشش سے قائد اعظم محمد علی جناح اور مہاتما گاندھی جی میں مذاکرات ہوئے ''راج گوپال اچاریہ'' 1942 سے ہی کانگریس کو پاکستان کا مطالبہ تسلیم کرنے کی ترغیب دے رہے تھے مگر انھیں کامیابی نہیں ہوئی تھی۔ گاندھی جناح مذاکرات کسی فیصلے پر پہنچ نہ ہو سکے۔ تاہم قائد اعظم کی سیاسی فتح تھی۔

اس واقعے سے یہ بات عیاں ہو گئی کہ یہ گاندھی اور جناح دو لیڈر الگ الگ قوموں کے نمایندے ہیں اور ان کے باہمی سمجھوتے سے ملک کا سیاسی بحران ختم ہو سکتا ہے۔ 1945 کے آغاز میں جنگ عظیم دوئم کا خاتمہ اور اتحادیوں کی فتح دنوں کی بات معلوم ہو رہی تھی۔ وائسرائے لارڈ ویول نے برصغیر کی سیاسی گتھی سلجھانے کی ایک اور کوشش کی۔

وائسرائے نے شملہ میں کانفرنس کی جس میں اس بات کا فیصلہ نہیں ہو سکا کہ آیا مسلم لیگ مسلمانوں کی واحد جماعت ہے یا نہیں۔ اس کا فیصلہ رائے عامہ پر چھوڑ دیا گیا اور انتخابات کرائے گئے۔ ان میں مسلم لیگ نے مرکزی مجلس قانون سازی کی جملہ تیس مسلم نشستیں حاصل کر لیں۔ صوبوں میں 507 مسلم نشستیں تھیں جن میں سے مسلم لیگ نے 427 پر کامیابی حاصل کی، ان انتخابات میں مسلم لیگ کا دعویٰ پایہ ثبوت کو پہنچ گیا۔

1945 میں انگلستان میں لیبر پارٹی کی حکومت برسر اقتدار آئی۔ اس نے اعلان کیا کہ حکومت نے تین اراکین پر مشتمل ایک وزارتی مشن برصغیر بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ اس میں لارڈ پیتھک لارنس (وزیر ہند) سر سٹیفورڈ کرپس اور اے وی الیگزینڈر شامل تھے۔ اس مشن نے کانگریس اور مسلم لیگ کے زعما سے بات چیت جاری رکھی اس نے اپنے طرف سے ایک منصوبہ پیش کیا جس کا اعلان 16 مئی 1946 کو کیا گیا۔

(1) برصغیر کی یونین قائم کی جائے گی جو امور خارجہ، دفاع اور رسل و رسائل کی ذمے دار ہو گی۔ (2) مذکورہ مرکزی شعبوں کے علاوہ تمام شعبے صوبوں کے سپرد ہوں گے۔ (3) صوبوں کو اختیار ہو گا کہ وہ کثرت رائے سے آئین میں تبدیلی کا مطالبہ کریں۔ برصغیر کو 3 گروپ میں تقسیم کر دیا گیا۔ گروپ ''الف'' میں یوپی، بہار، اڑیسا، صوبہ جات، متوسط، بمبئی اور مدراس۔ گروپ ''ب'' میں پنجاب، سندھ، شمال مغربی سرحدی صوبے اور گروپ ''ج'' میں بنگال اور آسام کے صوبے شامل تھے۔ اس طرح یہ سہ گانہ وفاق کا ایک انوکھا منصوبہ تھا۔

14 اگست 1946 کا دن مقرر کیا کہ مسلم لیگ ان نے مسلمانوں کے مطالبات منوانے اور حکومت کو راہ راست پر لانے کے لیے ''راست اقدام'' کیا جائے۔ ادھر وائسرائے نے وزارتی مشن کی واپسی کے بعد عبوری حکومت کے قیام کے لیے دوبارہ جنبانی شروع کر دی اور 2 ستمبر 1946 کو کانگریسی وزراء ؟ نے پنڈت جواہر لعل نہرو کی قیادت میں عبوری حکومت کی باگ ڈور سنبھال لی۔ وائسرائے کی طرف سے مسلمانوں کی حق تلفی کی گئی۔ اس سے ملک میں فرقہ وارانہ فسادات بھڑک اٹھے اور انسانی خون کی ہولی کھیلی جانے لگی۔

فروری 1947 میں برطانیہ کے وزیراعظم ایٹلی نے اعلان کیا کہ برطانیہ جون 1948 تک برصغیر سے برطانیہ نکل جائے گا۔ مارچ 1947 میں لارڈ ویول کو واپس بلا لیا گیا اس کی جگہ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو وائسرائے مقرر کیا۔ جب وائسرائے نے تقسیم ملک کا فیصلہ کرایا تو اس نے مسلم لیگ پر زور ڈالنا شروع کیا کہ وہ پنجاب اور بنگال کی تقسیم پر رضامند ہو جائے۔ بالآخر 2 جون 1947 کو نئے صوبے کا اعلان کیا گیا۔

18 جولائی 1947 کو برطانوی پارلیمنٹ نے اس منصوبے کی بنیاد پر ''آزادی ؟ ہند کا قانون'' منظور کیا جو بالآخر 15 اگست 1947 کو نافذ ہوا۔ اس طرح وہ قوم جو کچھ عرصہ عزت و وقار سے محروم ہو گئی تھی وہ قائد اعظم محمد علی جناح کی کاوشوں سے یقین محکم و عمل پیہم سے دنیا کی عظیم ترین مسلم مملکت (پاکستان) کے قیام میں کامیاب ہوئی۔

دھیلے کی کرپشن

دھیلے کی کرپشن کیسے ثابت ہو سکتی ہے۔ ا?ج کی جنریشن جب یہ لفظ سنتی ہے تو حیران ہو جاتی ہے کہ یہ دھیلا کیا بلا ہے۔ موجودہ جنریشن نے تو ویسے پیسے کی شکل بھی نہیں دیکھی۔ اس کے لیے سب سے چھوٹی کرنسی یا سکہ روپیہ ہی ہے۔

ہماری جنریشن نے نکہ دیکھا اور پھر پیسہ بھی۔ اور یہ ہماری ہی جنریشن تھی جس نے روپے کو ٹکے ٹوکری ہوتے

www.pakistanpost.net

بقیہ	1

وزیراعظم نواز شریف قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر شہباز شریف سے منسٹر انکلیو میں ملاقات کے لئے پہنچے تو وہاں پر ان کے ہمراہ مشاہد حسین سید، آصف کرمانی، طارق فضل چوہدری اور دیگر لیگی راہنما ہمراہ تھے لیکن نیب حکام نے صرف نواز شریف کو ہی شہباز شریف سے ملاقات کرنے کی اجازت دی۔ جس کے بعد نواز شریف نے شہباز شریف کے ساتھ ملاقات کرنے کی اجازت دی۔ جس کے بعد نواز شریف نے سوا ون آن ون ایک گھنٹہ ملاقات کی۔ سابق وزیر اعظم نے سب سے پہلے اپنے چھوٹے بھائی شہباز شریف کی حالیہ میڈیکل رپورٹ میں ٹینشن کی تشخیص پر تشویش کا اظہار کیا جس پر شہباز شریف نے نیب حراست میں صحت کے درپیش مسائل پر بڑے بھائی کو آگاہ کیا۔ دونوں بھائیوں کے درمیان آئندہ علاج معالجہ پر بھی مشاورت ہوئی۔ اس کے علاوہ نیب کیمپ سیت حکومت کے 100 روزہ کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا کہ حکومتی 100 روز مکمل ہونے پر آئندہ کا مسلم لیگ (ن) کا پارٹی کمل ہونا چاہئے جبکہ نواز شریف اور شہباز شریف کے درمیان الیکشن 2018 میں میدوحامدی پر وائٹ پیپر جاری کرنے سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوا کہ جیسے ہی حکومت کے 100 روز مکمل ہوں گے اس کے بعد وائٹ پیپر جاری کیا جائے گا علاوہ ازیں شہباز شریف نے بھی نواز شریف کو اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ رابطوں حوالے سے آگاہ کیا۔ دونوں بھائیوں کے درمیان پارٹی معاملات پر بھی تفصیلی بحث ہوئی۔ واضح رہے کہ نواز شریف نے نیب حکام سے گزشتہ روز شہباز شریف سے ملنے کی درخواست کی تھی۔

بقیہ	2

تھا۔ 22 نومبر کو نیب کی جانب سے شہباز شریف کے طبی معائنے کے دوران ان کے خون کی تجزیاتی رپورٹ میں کینسر کی علامات دوبارہ ظاہر ہونے کا انکشاف ہوا تھا، جس کے بعد 25 نومبر کو پولی کلینک کے ڈاکٹروں نے ان کے خون کے نمونے حاصل کرنے کے علاوہ ان کا سی ٹی اسکین بھی کیا تھا۔ طبی تجزیے کی رپورٹ کے مطابق شہباز شریف کو کینسر کی بھی جائزہ لیا گیا کہ کلوتی 100 روز مکمل ہونے پر آئندہ کا کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا کہ کلوتی 100 روز مکمل ہونے پر آئندہ کا مسلم لیگ (ن) کا پارٹی کمل ہونا چاہئے جبکہ نواز شریف اور شہباز شریف کے درمیان الیکشن 2018 میں میدوحامدی پر وائٹ پیپر جاری کرنے سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوا کہ جیسے ہی حکومت کے 100 روز مکمل ہوں گے اس کے بعد وائٹ پیپر جاری کیا جائے گا علاوہ ازیں شہباز شریف نے بھی نواز شریف کو اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ رابطوں حوالے سے آگاہ کیا۔ دونوں بھائیوں کے درمیان پارٹی معاملات پر بھی تفصیلی بحث ہوئی۔ واضح رہے کہ نواز شریف نے نیب حکام سے گزشتہ روز شہباز شریف سے ملنے کی درخواست کی تھی۔

بقیہ	3

سانحین سے فورم چھین رہی ہے، سانحین پریشان ہیں، فیصلے براہ راست سپریم کورٹ میں کئے جائیں، سپریم کورٹ کا پولیس اختیار استعمال کرنا غیر مناسب ہے۔ جسٹس عظمت سعید کا کہنا ایک سو چوراسی تین کا پہلا شاہنا ضیا کیس جب آیا تو میں طالبعلم تھا، جہاں خلا ہوتا ہے وہاں اسے استعمال کرتے ہیں۔ سپریم کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ساعت جنوری کے آخری ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ	4

مشیر کہ مفادات کونسل کو آئینی طریقے سے نہیں چلا رہے، اس کونسل کو وسائل کی تقسیم میں اہم کردار ہے، اس کے اجلاس کی سربراہی وزیراعظم کو خود کرنی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکز کو مانے والے اخبار ہوں تو میں ترجمہ کرواسکتا ہوں، اگر صوبوں کو پڑھنے سے نہیں نکالا گیا تو خطرات بڑھ جائیں گے پھر سنھیالنا مشکل ہو جائے گا لوگ بیرون ممالک سے ادارے ٹھیک کرنے نہیں آئیں گے، عوام کو بنیادی حقوق دینا ریاست کی ذمہ داری ہے، ریاست کے ذمے بنیادی حقوق ان لوگ خود پورے کررہے ہیں، پانی اور تحفظ سمیت دیگر ضروریں اہم ہیں، ہمیں منگلا، پانی اور تحفظ چیئرمین سینیٹ نے مزید کہا کہ آرٹیکل 6 کی خلاف ورزی کرنے والا پرویز مشرف دبئی میں بیٹھا ہے، آئین ہی اداروں پر پہرہ دینے کا اختیار دیتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بڑا عجیب لگتا ہے کہ آج 73 کے آئین اور اداروں کی بات ہو رہی ہے، آزادی کے ابعد اب تک ہم مختلف لیڈر شپ، انصاف اور مضبوط ادارے چاہ رہے ہیں۔

بقیہ	5

دفعہ 164 کا بیان ریکارڈ کرنے سے قبل نیب کی استدعا پر جج کھلا، کہ کمرہ عدالت سے باہر نکال دیا اور قیصر امین بٹ کا 164 کا بیان قلمبند کرایا ہے۔ نیب نے قیصر امین بٹ کا بیان ریکارڈ کروانے کے لئے گزشتہ روز جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا۔ قبل ازیں عدالت نے قیصر امین کی وعدہ معاف گواہ بننے سے متعلق استدعا کو منظور کیا۔ بیان قلمبند کرواتے ہوئے قیصر امین بٹ نے کہا کہ اس نے 1998 پارٹی کے کام شروع کیا۔ 2002 میں خواجہ سعد رفیق نے اس کی ندیم ضیا نامی شخص سے ملاقات کروائی اور ندیم ضیا کو بتایا کہ یہ آپ کے ساتھ کام کریں گے۔ جس پر قیصر امین بٹ نے ندیم ضیاء کے ساتھ 50 فی صد شیئر کی بنیاد پر کام شروع کردیا۔ اپنے بیان میں قیصر امین بٹ نے کہا کہ اس نے 1998 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2002 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2004 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2005 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2006 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2007 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2008 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2009 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2010 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2011 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2012 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2013 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2014 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2015 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2016 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2017 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے، 2018 میں 2 پلاٹ 50 50 لاکھ کے خریدے۔ قیصر امین بٹ نے بیان میں کہا کہ ندیم ضیاء کے ساتھ 50 50 کی بنیاد پر کام کیا۔

www.pakistanpost.net

بقیہ | 1

حالات زیادہ بگڑے تو فوج کی مداخلت بھی ہوسکتی ہے فی الحال تو کراچی میں ہرجگہ ٹوٹ پھوٹ کر کے کراچی کو خوبصورت بنانے کے لئے میئر کراچی نکلے ہوئے ہیں جبکہ ایسے ہی ٹھیلے ناجائز قبضے لاہور کی انارکلی میں، ملتان کے گھنٹہ گھر میں، فیصل آباد کے 6 چوراہوں میں، پنڈی کے گلی کوچوں میں، کوئٹہ کے لیاقت بازار میں، سکھر کے چوک میں، لاڑکانہ شہر میں الغرض پاکستان کے ہر بڑے چھوٹے شہروں میں بھرے پڑے ہیں مگر ایکشن صرف کراچی میں جاری ہے اسی طرح پانی کی تنخی تو پورے ملک میں ہے۔ دنیا سولر سسٹم سے فضا سے پینے کا پانی بنا رہی ہیں ہمارے دونوں سمندر بے کار پڑے ہیں مگر ہائی رائز بلڈنگوں پر صرف کراچی والوں کو پابند کیا جارہا ہے۔ گویا بے روزگاری کی طرف کراچی رواں دواں ہے جنہوں نے ناجائز تعمیرات کروائیں وہی آج توڑتے نظر آرہے ہیں گویا یہ بازار پھر دوبارہ نئے سرے سے بنے جائیں گے اور ٹھیلے والے پھر دوبارہ آباد کئے جائیں گے۔ صدر صاحب کے لئے تو لمحہ فکر ہے یا نہیں؟ اُن کا تعلق بھی اس شہر کراچی سے ہے۔

بقیہ | 2

کاریڈور کی تعمیر بھی کررہے ہیں۔ ایسے میں کیا کریں؟ خوشی سے اچھل پڑیں یا سابقہ تجربات کی روشنی میں دم سادھے اگلی گھنٹا گھنٹے کا انتظار کریں۔

ہوسکتا ہے پاکستان کی عسکری و سیاسی قیادت کرتار پور کاریڈور کے معاملے پر ایک صفحے پر ہو مگر بھارت میں حزب اختلاف کانگریس کے شبہات تو رہے ایک طرف خود حکمران بی جے پی اس معاملے پر اندرونی کنفیوژن کا شکار ہے۔ اگلے پانچ چھ ماہ بعد بھارت کو عام انتخابات بھی درپیش ہیں۔

لہٰذا تیار رہئے کہ یہ کاریڈور مکمل ہو بھی سکتا ہے اور سنگ بنیاد ایک دوسرے کے سر پے بھی ٹوٹ سکتا ہے۔ مگر سمجھوتہ ایکسپریس، کھوکھراپار ایکسپریس، کشمیر بس سروس، لاہور دلی بس سروس کی مثالیں بھی آمنے سامنے ہیں۔ لہٰذا خوش امیدی کے سوا آپشن ہے بھی کیا؟

بقیہ | 3

کیونکہ ان کا خیال تھا کہ میں اس کے بارے میں جانتی ہوں لیکن میں خود ہی لاعلم تھی تو دوسروں کو کیا بتاتی۔ پھر ''فنون'' میں اس کی تین نظمیں ''شائع ہوئیں جن میں سے ''ہے یہ عالم دل کا'' بہت پسند آئی۔

چار پانچ ماہ پہلے اچانک اطلاع ملی کہ فہمیدہ کی شادی ہو گئی۔ اس کے دوسرے دن خبر ملی کہ جن صاحب سے شادی ہوئی ہے وہ انگلستان میں رہتے ہیں اور اب فہمیدہ بھی وہیں چلی جائے گی۔ پھر وہ لندن پہنچ گئی۔ فہمیدہ کی چھوٹی بہن نجمہ ریاض کو خط لکھا لیکن وہ بڑے سکون سے خط کا جواب گول کر گئیں اور میں فہمیدہ کے پتے نشان کے بارے میں لاعلم ہی رہی۔

اب سنا ہے کہ فہمیدہ کی نظموں کا مجموعہ ''پتھر کی زبان'' شائع ہوگیا ہے۔ ایک دو کتاب گھروں سے معلوم کرنے کی کوشش کی تو پتہ چلا کہ ان کے پاس نہیں پہنچا ہے۔ اب دیکھیے لاہور سے یہ مجموعہ یہاں کب پہنچتا ہے۔ لیکن مجھے اس بات کی فکر ضرور ہے کہ کیا فہمیدہ اب بھی اتنی ہی پیاری نظمیں لکھیں گی۔

وطن سے ہزاروں میل کی دوری پر پہنچ کر وہ اپنی گھریلو مصروفیتوں میں گم ہو جائیں گی یا کچھ وقت شاعری کو بھی دیں گی۔ اردو میں فہمیدہ کی شاعری ایک اچھا خوش ا ? ئند اضافہ تھا ان سے لوگوں کو بہت سی امیدیں تھیں۔ اب یہ فکر ہے کہ تخلیق کے یہ سوتے پھر کہیاں ہوتی ہیں اور تورات ان پھر کیوں پر کندہ ہوتی ہے' یہ پھر کہیاں قالین میں ملفوف ہوتی ہیں' ربی آلٹر کے دائیں طرف بیٹھتا ہے' اس کے ڈیسک پر تین رنگوں کی تورات پڑی ہوتی ہے۔

میں بڑی دیر تک سینا گوگا میں بیٹھا رہا' سینا گوگا کے دروازے پر سفید لکڑی کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا چپکا ہوا تھا' یہودی اس ٹکڑے کو چوم کر عبادت گاہ میں داخل ہوتے ہیں' یہ لکڑی سینا گوگا کے فنکشنل ہونے کی نشانی ہوتی ہے' شہر میں 1263ء ? میں بننے والی ایک قدیم مسجد بھی موجود تھی' مسجد کا مینار سیویا کے کیتھڈرل کے مینار جیسا تھا' شہر کے تین حصے ہیں' پہلا حصہ مدینہ کہلاتا ہے' یہ قدیم شہر ہے' گلیاں تنگ اور پتھریلی اور گھر قدیم اور پرشکوہ' مدینہ سے باہر جدید شہر آباد ہے' یہ ستر ہویں اور اٹھارہویں صدی میں بنا اور شہر کا تیسرا حصہ امراء ? کی جدید ترین آبادی پر مشتمل ہے۔

یہ حصہ پہاڑوں کی اترائیوں پر قائم ہے' یہاں محلات ہیں اور ہر محل ارب روپے مالیت کا ہے' ان محلات میں مراکشی رئیس بھی رہتے ہیں' یورپ اور امریکا کے امراء ? بھی اور عرب ملکوں کے تاجر' صنعت کار اور شہزادے بھی' طنجہ شہر میں پاکستان کے کل ہوٹلوں سے زیادہ ہوٹل ہیں اور یہ ہوٹل اس کی سیاحتی انڈسٹری کے طاقتور ہونے کی نشانی ہیں۔ میں اور سہیل مقصود ایک رات وہاں رکے' ہم رات کے وقت طریفہ سے طنجہ آئے' شہر کے قدیم علاقے میں گھر میں قائم مراکشی ریستوران میں کھانا کھایا اور عربی اور اسلامی روایات کی آغوش میں سو گئے۔

ہم نے اگلی صبح گائیڈ لیا اور ہم طنجہ کی قدیم گلیوں میں اتر گئے' یہ آنت جیسی باریک اور طویل گلیاں تھیں جن کے ہر مکان' ہر کوچے اور ہر چوراہے میں تاریخ دفن تھی' ہم ان گلیوں میں گھومتے گھومتے دنیا کے پہلے امریکی سفارت خانے کی عمارت میں پہنچ گئے' یہ مراکشی طرز کی پرانی عمارت تھی' چھوٹے پتھروں کا وہی صحن اور صحن میں وہی فوارہ اور صحن کی طرف کھلتی گھر کی تمام کھڑکیاں اور ہر کھڑکی اور ہر دروازے سے لگتی بیلیں اور بیلوں کے سرخ پھول' وہ عمارت ماضی اور حال کا خوبصورت گلدستہ تھی مگر اس کی خوبصورتی اپنی جگہ اور ابن خلدون اور ابن بطوطہ کا محلہ اپنی جگہ۔

ہم اپنے مرشد ابن بطوطہ کی جائے پیدائش اور مزار تلاش کر رہے تھے' ہم تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوئے بالآخر اس چوک میں پہنچ گئے جس کی ایک پتلی گلی پر ابن خلدون کا بورڈ لگا تھا اور دوسری پر ابن بطوطہ لکھا تھا' ابن خلدون نے چند ماہ طنجہ میں قیام کیا تھا' وہ گلی اس قیام کی یاد تھی جب کہ ہمارا مرشد ابن بطوطہ پیدا ہی اس گلی میں ہوا تھا' وہ پہاڑی گلی تھی' اونچی نیچی اور اس اونچی نیچی گلی کے دونوں طرف کندھے سے کندھا اور سینے سے سینہ جوڑ کر کھڑے چھوٹے چھوٹے مکان تھے' میں گلی میں دوڑتا ہوا تیزی سے اوپر چلا گیا اور پھر ایک موڑ پر میری دھڑکنیں رک گئیں' سامنے ایک چھوٹا سا مزار تھا اور مزار پر ابن بطوطہ لکھا تھا' وہ دس بائی بارہ فٹ کا کمرہ تھا۔

ابن بطوطہ نے زندگی کا آخری حصہ اس کمرے میں گزارہ تھا' مرشد نے دنیا کا شاندار ترین سفر نامہ بھی اسی جگہ لکھا تھا' اس نے آخری سانسیں بھی یہیں لی تھیں اور وہ انتقال کے بعد مدفون بھی یہیں ہوا تھا' میں مزار کے ساتھ گلی میں بیٹھ گیا' دنیا جہاں کی تاریخ اور 44 ملک پاؤں کے بل میرے سامنے بیٹھ گئے اور طنجہ کی رونقیں دائیں بائیں قطار اندر قطار کھڑی ہوگئیں' ہم سب مرشد کو خراج تحسین پیش کررہے تھے۔

بقیہ | 7

راستے بند کردیے۔ افغانستان میں نیٹو افواج کے لیے جنگی اور دیگر ضروریاتِ زندگی کا اکثر یتی سامان پاکستان ہی سے گزرتا تھا۔ شنید ہے اسی حملے کے رد عمل میں پاکستان نے امریکیوں کو دی گئی کئی سہولتیں واپس لے لی تھیں اور امریکا سے انٹیلی جنس شیئرنگ کی بساط بھی لپیٹ دی گئی تھی۔ اور جب امریکی صدر، بارک اوباما، کی حکومت نے پاکستان سے سلالہ کے خونی حملے پر ''سوری'' بول دیا تو پاکستان نے سپلائی لائن بھی کھول دی۔ یہ راستے سات ماہ بند رہے تھے۔ ا? ج جب امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، یہ کہتے ہیں کہ ''پاکستان نے ہم سے ہمیشہ ڈالر کھائے ہیں، ہمارے لیے کیا کچھ نہیں ہے'' تو ہم سب پاکستانیوں کو سلالہ کی چوکیوں پر بہایا گیا ہمارے فوجیوں کا مقدس خون یاد آجاتا ہے۔ آج 26 نومبر کو یہ پرانے زخم پھر سے ہرے ہوگئے ہیں۔

بقیہ | 8

معافی مانگنے والا ہو لیکن دنیاوی غلطیوں کی کوئی معافی نہیں کیونکہ حقوق اللہ کا معاملہ اور ہے اور حقوق العباد کا معاملہ کچھ اور ہے۔

انسانی زندگی کی محرومیوں سے شروع ہونے والی بات کہیں سے کہیں نکل گئی دراصل ہم اس دور میں اور اس ملک میں زندہ ہیں جہاں انصاف کے تقاضے مختلف ہیں جتنے بھی دعوے کیے جائیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ امیروں اور غریبوں کے لیے انصاف میں فرق ا? ج بھی موجود ہے اور اس فرق کو کسی نے باہر سے ا?! کر دور نہیں کرنا ہم میں سے ہی لوگ ہیں جو انصاف فراہم کرنے کے اہم منصبوں پر بیٹھے ہیں انھوں نے ہی اس تفریق کو دور کرنا ہے اور کسی بڑے باپ کے بیٹے کو معاف نہیں کرنا بلکہ اس کو بھی اسی طرح سزاوار گردانا ہے جیسے ایک غریب رعایا کے بیٹے کو سر عام مارا گیا اور اس کی شکایت پر وقت کے مسلمان حکمران نے نج کے موقع پر عوام کے جمِ غفیر میں اس بڑے باپ کے بیٹے کو سزا دے کر عوام کو یہ پیغام دیا کہ اسلام میں سب برابر ہیں۔ ہم نے اپنی مرضیوں کو خود سے ہی دور کرنے کے سبب بنانے ہیں ہمیں ایسے حکمران چاہئیں جو ہمیں سیدھا اور سچا راستہ دکھائیں اور ایسے حکمران ہم نے خود منتخب کرنے ہیں اور جب ہم ایسے حکمران منتخب کرنے میں کامیاب ہوگئے ہمیں کسی بتی والے چوک کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بقیہ | 9

ہیں۔ شہباز شریف البتہ نیب کے یہ دعوے تسلیم کرنے سے صاف انکار کرتے ہیں۔ وہ ان سارے دعوؤں کے مقابلے میں اپنا ایک الگ دعویٰ بار بار دہراتے ہیں۔ قومی اسمبلی میں خطاب ہو، کسی میڈیا پرسن سے گفتگو یا عدالت سے مکالمہ، چھوٹے میاں صاحب یہی کہتے دکھائی دیتے ہیں کہ ان کے خلاف ایک دھیلے کی بھی کرپشن ثابت نہیں ہوسکی۔

ہمارے خیال میں نیب کے پاس بھلے ثبوتوں کے انبار لگے ہوں لیکن دھیلے کی کرپشن ثابت کرنا ان کے بس کی بات نہیں۔ اس حوالے سے ایک مفت مشورہ ضرور دیا جاسکتا ہے۔ نیب کے تفتیش کار کیا بلا کر یں گے کہ بدترین مہنگائی کے اس دور میں بھی کوئی انھیں فیس کے بغیر مشورہ دے رہا ہے۔ مشورہ یہ ہے کہ معروف کارٹون سیریز ڈورے مون (Doraemon) سے نائم مشین ادھار لے اور دو تین تفتیش کار 18 ویں صدی میں جا کر دھیلے کی اوقات کا پتہ لگائیں۔

ہماری معلومات کے مطابق اس دور میں دو دھیلے کی ویلیو ایک پیسے کے برابر تھی۔ تفتیش کاروں کو اس دور میں جا کر معلوم کرنا چاہیے کہ جب ایک پیسے کے دو دھیلے تھے تو پھر ایک دھیلے کی ویلیو کیا ہوگی۔ پیسے کی اہمیت ہم نے 20 ویں صدی میں بھی دیکھی ہے۔

بقیہ | 10

ہمارے بچپن میں چھوٹے سے سائز کا ایک بسکٹ ایک پیسے میں مل جاتا تھا۔ ایک روپے کے 100 بسکٹ کا زمانہ بھی کیا خوب تھا۔ اب تو روپے میں بھی کچھ نہیں ا?! تا۔ دھیلے کی ویلیو جاننے کے بعد تفتیش کار واپس موجودہ دور میں ا?! سکتے ہیں۔ ایک مسئلہ بہر حال اپنی جگہ پر موجود رہے گا کہ اس دور میں دھیلا چھوڑ پیسہ بھی ناپید ہو چکا ہے۔ کاغذی کرنسی کا سب سے چھوٹا نوٹ بھی اب 10 روپے کا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے 5 کا نوٹ ختم کیا گیا جب کہ روپے اور دو روپے کے نوٹ بند ہوئے مدت بیت چکی ہے۔ نیب کے تفتیش کاروں کو یہ مسئلہ بھی درپیش ہوگا کہ 18 ویں صدی میں جا کر معلومات لینے اور واپس 21 ویں صدی میں ا?! نے کے باوجود وہ شہباز شریف دور کے منصوبوں میں اگر کوئی کرپشن ہوئی ہے تو کروڑوں، اربوں کے گھپلوں کا تو شاید کوئی ثبوت مل سکے، دھیلے کی کرپشن پھر بھی ثابت نہیں ہوسکے گی۔ اب تو پیسے کی کرپشن بھی ثابت نہیں کی جاسکتی۔ پس ثابت ہوا کہ سابق خادم اعلیٰ کا یہ دعویٰ درست ہے کہ ان کے خلاف دھیلے کی کرپشن ثابت ہو سکی ہے نہ کبھی ہو سکے گی۔

انسانی زندگی کی محرومیوں سے شروع ہونے والی بات کہیں سے کہیں نکل گئی دراصل ہم اس دور میں اور اس ملک میں زندہ ہیں جہاں انصاف کے تقاضے مختلف ہیں جتنے بھی دعوے کیے جائیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ امیروں اور غریبوں کے لیے انصاف میں فرق ا? ج بھی موجود ہے اور اس فرق کو کسی نے باہر سے ا?! کر دور نہیں کرنا ہم میں سے ہی لوگ ہیں جو انصاف فراہم کرنے کے اہم منصبوں پر بیٹھے ہیں انھوں نے ہی اس تفریق کو دور کرنا ہے اور کسی بڑے باپ کے بیٹے کو معاف نہیں کرنا بلکہ اس کو بھی اسی طرح سزاوار گردانا ہے جیسے ایک غریب رعایا کے بیٹے کو سر عام مارا گیا اور اس کی شکایت پر وقت کے مسلمان حکمران نے نج کے موقع پر عوام کے جمِ غفیر میں اس بڑے باپ کے بیٹے کو سزا دے کر عوام کو یہ پیغام دیا کہ اسلام میں سب برابر ہیں۔ ہم نے اپنی مرضیوں کو خود سے ہی دور کرنے کے سبب بنانے ہیں ہمیں ایسے حکمران چاہئیں جو ہمیں سیدھا اور سچا راستہ دکھائیں اور ایسے حکمران ہم نے خود منتخب کرنے ہیں اور جب ہم ایسے حکمران منتخب کرنے میں کامیاب ہوگئے ہمیں کسی بتی والے چوک کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بقیہ | 11

کرشمہ کپور اور عالیہ بھٹ کے ہمراہ ایک گانا ریکارڈ کرایا تھا جواب شاہ رخ خان کی فلم زیرو کا حصہ بنے گا۔ اور یوں اس فلم کے ذریعے آنجہانی اداکارہ سری دیوی آخری بار بڑے پردے پر نظر آئیں گی۔ واضح رہے کہ سری دیوی دبئی میں بھانجے کی شادی کی تقریب میں شریک تھیں جہاں 24 فروری کو وہ ہوٹل کے باتھ ٹب میں ڈوب کر ہلاک ہوگئی تھیں۔ آنجہانی رائے کی ہدایت کاری میں بننے والی کنگ خان کی فلم 'زیرو' میں کترینہ کیف اور انوشکا شرما بھی مرکزی کردار ادا کرتی نظر آئیں گی اور یہ فلم 21 دسمبر 2018ء میں سینما گھروں کی زینت بنے گی۔

بقیہ | 12

اور شرکاء نے پاکستان ٹیلی ویژن کو کامیابیوں کا ایک اور شاندار سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن نے قومی ٹی وی چینل چینل کے ناطے اپنا مثبت اور مہذب تشخص کو برقرار رکھا ہے جو اس کی بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی ویژن نے دیگر شعبہ زندگی کی طرح اقلیتی برادری کے تمام تہواروں کی بھی نمایاں کوریج اور ان کے مسائل کی ذمہ دارانہ طریقے سے نشاندہی کر کے قومی ٹی وی چینل ہونے کا ثبوت دیا ہے، تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی، امن و امان اور پاکستان ٹیلی ویژن کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی گئی۔

بقیہ | 13

بنانے کے حوالے سے ہدایت کار نے کہا کہ 'میری کمپنی میں شروع سے ہی اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے لیکن اب لوگ اور بھی زیادہ ایکٹو ہو چکے ہیں۔ کرن جوہر نے اپنے بچپن کے واقعات کے حوالے سے بتایا کہ '15 سال کی عمر میں سب کہتے تھے میری آواز کسی لڑکی جیسی ہے، میں نے 3 سال اپنی آواز کو بہتر کرنے کی کلاسز لیں، سب میرا مذاق اڑاتے تھے۔ تاہم ہدایت کار نے یہ بھی کہا کہ وہ اپنے دونوں بچوں یش اور روہی کی زندگی میں اس طرح کی باتوں کی کوئی اہمیت نہیں بننے دیں گے۔ یاد رہے کہ کرن جوہر جلد اپنی فلم 'تخت' کی شوٹنگ شروع کریں گے، جس میں رنویر سنگھ، کرینہ کپور خان، عالیہ بھٹ، جھانوی کپور اور انیل کپور مرکزی کردار ادا کرتے نظر آئیں گے۔

بقیہ | 14

گینی کی عمر 19 اور ان کی 24 برس تھی۔ کپل نے بتایا وہ نہایت قابل اسٹوڈنٹ تھے اور اپنا خرچہ پورا کرنے کے لیے انہوں نے ڈراموں کی ہدایت کاری کرنی شروع کی تھی۔ اور گینی سے پہلی ملاقات آڈیشن کے دوران ہوئی تھی اور اسی وقت سے دونوں نے ایک دوسرے کو پسند کرنا شروع کر دیا تھا تاہم اس وقت میری مالی حالت زیادہ اچھی نہیں تھی اور ممبئی میں لافٹر چیلنج کے آڈیشن میں فیل ہو گیا تھا بعد ازاں دوسرے آڈیشن میں منتخب ہونے کے بعد جب میرے مالی حالات تھوڑے ٹھیک ہوئے تو میری والدہ گینی کے گھر رشتہ لے کر گئیں تاہم گینی کے والد نے بڑے پیار سے بولا شٹ اپ اور مجھے مسترد کر دیا۔ اس کے بعد میں ممبئی آگیا اور میری کامیابی کا سفر شروع ہو گیا تاہم اس وقت بھی میں گینی کو بھولا نہیں تھا بعد ازاں 2016 میں میں نے فیصلہ کیا کہ مجھے گینی سے شادی کر لینی چاہیے اور میں نے اسے دوبارہ کال کی اور شادی کی پیشکش کی۔ اور اس بار گینی کے والد نے کپل کو مسترد نہیں کیا۔ کپل نے بتایا میرے برے وقت میں گینی نے میرا بہت ساتھ دیا تھا وہ ہر وقت میرے لیے دعائیں کرتی تھی اور اس وقت مجھے احساس ہوا اس سے اچھی لڑکی مجھے نہیں مل سکتی۔ کپل اور گینی کی خوبصورت لو اسٹوری اب شادی میں بدلنے جارہی ہے، دونوں 13 سال تک محبت کے رشتے میں بندھے رہنے کے بعد اگلے ماہ 12 دسمبر کو شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے جب کہ دونوں کے استقبالیے کی تقریب 22 دسمبر کو ہوگی۔

بقیہ | 15

چاہیے؟ سارہ نے مزید کہا کہ 'میری صرف ایک ہی شکایت ہے ان لوگوں سے جو خواتین پر انگلی اٹھاتے ہیں، میں ان سے یہی کہنا چاہتی ہوں کہ وہ اپنی آنکھوں پر شرم کریں کہ وہ یہ سب دیکھ ہی کیوں رہے ہیں؟ ایسے لوگوں کو پردہ کرنا چاہیے، ہم کیوں کریں؟ انہوں نے مزید کہا کہ 'خواتین کی عزت سب سے زیادہ ہونی چاہیے، کیوں کہ ہم نے ہی مردوں کو پیدا کیا ہے، ورنہ یہ لوگ اس دنیا میں آتے کہاں سے۔ سارہ خان نے راکھی ساونت کے ساتھ مذاق اڑاتے ہوئے یہ تک کہا کہ مردوں کی آنکھوں پر پردہ ڈال کر ان سب کو اندھا کر دینا چاہیے۔ یاد رہے کہ سارہ خان نے صرف بھارت میں ہی نہیں بلکہ پاکستان کے بھی کئی پروجیکٹس میں کام کیا ہے۔ سارہ پاکستانی ڈرامے 'جنونی' اور 'لیکن' میں کام کر چکی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ پاکستانی میک اپ آرٹس کاشف اسلم (کاشیز) کے ساتھ بھی میک اپ ویڈیوز پر کام کر چکی ہیں۔



جامع ریاض الجنتہ مسی ساگا کے زیر اہتمام بائیسویں سالانہ انٹرنیشنل عید میلا دالنبی کانفرنس

عید میلاد النبی کانفرنس 24 نومبر کو کینیڈین کنونشن سینٹر بریمپٹن میں منعقد کی گئی' جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی

مسی ساگا (پ ر) جامع ریاض الجنتہ مسی ساگا کے زیر اہتمام بائیسویں سالانہ انٹرنیشنل عید میلا دالنبی کانفرنس 24 نومبر کو کینیڈین کنونشن سینٹر بریمپٹن میں منعقد ہوگئی' جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کر کے رسول اکرمؐ کے ذکر خیر سے اپنے قلوب کو منور کیا۔ اس موقع پر پاکستان سے تشریف لائے ہوئے عالمی شہرت یافتہ نعت خوان قاری سید طٰہٰ الدین سہروردی نے نعت رسول مقبول پیش کر کے حاضرین کو محفوظ کیا۔ امام سید بدیع دین سہروردی امام شیخ محمد محمود اور امام عامر حسین نے رسول اکرم کی سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر جامع ریاض الجنتہ کے آٹھ سال مکمل ہونا اور اس کی خریداری کے ذمے کی مکمل ادائیں کی خوشش میں حاضرین کو پرتکلف ڈنر پیش کیا گیا۔ درود و سہلام کے ساتھ دعا پر پروگرام کا اختتام ہوا۔ اس موقع پر جامع ریاض الجنتہ کے چیئرمین سید بدیع الدین سہروردی نے تمام شرکاء، والینٹرز، ممبران اور ڈونرز کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اور خصوصی مہمانان کو شیلڈز پیش کی گئی۔ قونصل جنرل عمران صدیقی، ایم پی عمران الغابرا، اقراء خالد سٹی مسی ساگا کے کونسلر اور مختل عمائدین کے شرکت کی۔



Buying or Selling Home?
Don't Worry! Get
Advantage of Today's Market
TEAM AMIN
TAKE YOU TO THE RIGHT DIRECTION
We will get you a deal
Book Your
Condo Apartment, Town home,
Semi Detached or Detached house
In Greater Toronto Area!
We Have it All
Very Reasonable Prices and
Deposited Structure
Call Now for Details.
CITYSCAPE
REAL ESTATE LTD, BROKERAGE
The Art of Realty
Want to Sell your Property Contact Now!
I Will Tell You How to save on Commission.
Almost 0% Commission*
اپنے لیے گھر خریدنا ہو یا بیچنا کہیں جانے کی ضرورت نہیں آج ہی رابطہ کریں
Azfar Amin
Sale Representative
416-858-5114
*Selling commission only buying commission is standard 2- 2.5%

WORLD RENOWNED ASTROLOGER & PSYCHIC
QUICK RESULTS
Pandit: RAM JI
9 Times More Powerful than other Astrologers
PALM, FACE & HOROSCOPE READING
Generation to Generation Astrologer Solves:
Depression, Health, Family, Work, Court
Enemy, Children, Divorce, Marriage etc
Removes Black Magic, Jadoo, Vodoo
Evil Spirits, Butu & Gives 101% Protection
Know your Past, Present & Future etc
100% Guarantee
416-558-8496
1486 Queen St W, Toronto M6K 1M4, OPP. TD BANK, Inside
Covenience Store (LANDSDOWNE AVE & QUEEN ST W)

ASTROLOGER, PSYCHIC & SPIRITUAL HEALER
Pandit: JAIDEV
PALM READING * FACE READING * HOROSCOPE
I CAN HANDLE ANY TYPE OF PROBLEM
An Expert Pandith at your service., Tells Past, Present
& Future. Solves problems like Sickness, Education,
Job, Business, Marriage, Court, Enemy, Children etc
SPECIALIST IN BRIGING BACK LOVED ONES
100% REMOVAL OF BLACK MAGIC & GIVES LIFELONG PROTECTION
100% Guaranteed Results * Privacy & Confidentiality Assured
CALL: 416-505-0158
10 Dewside Dr., (Unit 16, Bramalea Business Center, Brampton L6R 3Y3
(Inside HASTY MARKET, opp. CHALO FRESHCO Plaza) BRAMALEA & FATHER TOBIN

Please visit our website at www.lisascosmetics.com

CASH

MasterCard

VISA

Interac

WAREHOUSE SALE

SAVINGS UP TO 80%

Please visit our website at www.lisascosmetics.com

Greetings from

Lisa's Cosmetics/Fragrances Inc.

Prestige Brand Names

Cosmetics & Skin Treatment Products

Marcelle * Annabelle * Vasanti * Elizabeth Arden * Stila
* Lise Watier * Revlon * Orlane * The Face Shop * Elizabeth Grant
★ Alfred Sung ★ Armani ★ Azzaro ★ Boucheron ★ Burberry
★ Bvlgari ★ Cacharel ★ Calvin Klein ★ Davidoff ★ Dolce Gabbana
★ Diesel ★ Escada ★ Ed Hardy ★ Ferragamo ★ Givenchy ★ Gucci ★ Guerlain
★ Guess ★ Hugo Boss ★ Jean Paul Gaulthier ★ Jimmy Choo ★ Juicy Couture
★ Kenneth Cole ★ Kenzo ★ Lancome ★ Lacoste ★ Michael Kors★ Mont Blanc
★ Marc Jacobs ★ Moschino ★ Nautica★ Nina Ricci ★ Oscar De La Renta
★ Paco Rabanne ★ Ralph Lauren ★ Rihanna ★ Swarovski ★ Thierry Mugler
★ Versace ★ Vera Wang ★ Yves St. Laurent and many more fine fragrances

Professional Haircare Products

★ Joico ★ Wella ★ Nioxin ★ Nexxus ★ KMS

Professional Nail Colour and Nail Care

Fashion Purses
Fine Chocolates
Designer Sunglasses

Health & Beauty Products
★ Neutrogena ★ Aveeno ★ Dove ★ Pantene
★ L'Oreal ★ Garnier ★ Cover Girl
★ Nivea ★ Olay

WHERE

135 Commerce Valley Dr. E., Markham, ON



HOURS

SATURDAY
9 am to 6 pm
SUNDAY
10 am to 6 pm
MONDAY, FRIDAY
10 am to 8 pm

NO STROLLERS OR CHILDREN UNDER 8 ALLOWED

WHEN

November 2018

S	M	T	W	T	F	S
25	26	27	28	29	30	

December 2018

S	M	T	W	T	F	S
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15

Please visit our website at www.lisascosmetics.com

Please visit our website at www.lisascosmetics.com

Please visit our website at www.lisascosmetics.com

VisaOne CANADA INC.
VisaOne Canada Inc.
Canada Immigration and Visa Services
- Sponsorship
- Study Permits
- Express Entry
- Visit Visa
- Super Vis-Business Immigration and much more....

Wasim Raja (RCIC)
Member ICCRC
Direct: 416-828-4033
2549 A, Hurontario Street, Mississauga, ON, L5A 2G4
Tel: 905-267-3331 Fax: 416-342-1792
Email: info@visaonecanada.com | Web: www.visaonecanada.com

نئی دہلی: سائرہ بلی خان سارے گاما پا شو میں تیمور سے مشابہت رکھنے والی گڑیا اٹھائے کھڑی ہیں

Solution Of All Immigration Problems
Apply for Canadian Citizenship sponsoring Spouse with in or Outside Canada.
FEEL LIKE FAMILY
Apply PR Card On Humanitarian Grounds
Sponsoring Parents and Grand Parents
- Super Visa
- Business Visa
- Visitor Visa
- Quebec Investor's Program
- Apply Refugee Cases

Appeals Please contact
Zamir Zaidi | Fatima Zaidi
Administrator RCIC # R519972
luckyimmigration@gmail.com
647-924-1272, 647-501-9269

FLOORING OUTLET STORE
BLOW OUT SALE
